ملہمات
سیالوی
و
ل و آثار
حضر
ال الدین ہانسوی رحمۃ اللہ علیہ

DATA ENTERED

ملفوظات

بشمول

احوال و آثار

حضرت قطب جمال الدین احمد ہانسوی علیہ الرحمۃ

ترتیب و تالیف

سردار علی احمد خاں

ناشرین

انجمن فلاح و بہبود زائرین پاکستان

۱۷۔ بی شاہ عالم مارکیٹ' لاہور۔۸

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشران محفوظ

تعداد ایک ہزار

طابع : اشرف پرنٹنگ پریس۔ ایبک روڈ۔ لاہور

کتابت : محمد زاہد

جدید سن اشاعت ۱۹۸۵ء

297.692
119050

Marfat.com

فہرست

۱۔ تعارف از حضرت حکیم محمد موسیٰ امرتسری مدظلہ
۲۔ حمد باری تعالےٰ۔ از حضرت قطب جمال الدین احمد ہانسویؒ
۳۔ نعت رسول مقبولؐ۔ از حضرت قطب جمال الدین احمد ہانسویؒ
۴۔ منقبت حضرت امام اعظم ابو حنیفہؒ از حضرت قطب جمال ہانسویؒ
۵۔ منقبت درشان حضرت قطب جمال ہانسویؒ۔ از آرزو سہارنپوری
۶۔ احوال و آثار حضرت قطب جمال ہانسویؒ ۔ از سردار علی احمد خاں
۷۔ تذکرہ خواجگان سلسلۂ چشتیہ جمالیہ، از سردار علی احمد خاں
۸۔ شہر ہانسی کا تاریخی تذکرہ ، مرتبہ۔ سردار علی احمد خاں
۹۔ منظوم شجرہ سلسلۂ عالیہ چشتیہ جمالیہ
۱۰۔ شجرہ خاندان حضرت قطب جمال ہانسویؒ
۱۱۔ جمال الدین احمد ہانسویؒ الخطیب مقالہ از پروفیسر محمد مسعود احمد صاحب
۱۲۔ ملہمات عربی من تصنیف حضرت قطب جمال ہانسویؒ معہ فارسی و اردو تراجم
۱۳۔ انگریزی ترجمہ ملہمات ۔ از سردار علی احمد خاں

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

تعارف

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

شیخ الاسلام والمسلمین حضرت خواجہ فریدالدین مسعود گنج شکرؒ سے دور کی نسبتِ غلامی اس دنیا کی سرورلیوں پر غایت درجہ فضلیت رکھتی ہے اوران سے اقرب نسبت رکھنے والوں پر لاتعداد تاج شاہی ان کے قدموں کی خاک پینے کے آرزومند رہے ہیں اور بڑے بڑے بادشاہ ان کے در کی حاضری کو فخر و مباہات قرار دیتے رہے ہیں۔

حضرت خواجہ قطب جمال الدین احمد ہانسویؒ کا سب سے بڑا کمال، سب سے بڑی عظمت اور سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ شیخِ بحر و بر حضرت گنج شکرؒ کے محبوب اور اجل خلفائے کرام میں سے ہیں سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی دہلویؒ سے سلسلہ نظامیہ، حضرت خواجہ علاؤالدین علی احمد صابر کلیریؒ سے سلسلہ صابریہ اور حضرت شیخ قطب جمال ہانسویؒ سے سلسلہ جمالیہ جاری ہوا۔ (رحمہم اللہ تعالیٰ) ان سلاسل روحانی کے بزرگوں سے کروڑوں طالبانِ حق فیضیاب ہو کر مدارج علیا پر فائز ہوئے اور ہنوز سلسلۂ فیض جاری و ساری ہے حضرت خواجہ قطب جمال ہانسویؒ حضرت خواجہ گنج شکرؒ کا جمال ہیں

Marfat.com

اس جمال گنج شکر نے جہاں اپنی روحانی توجہات سے لاتعداد تشنگانِ علوم معرفت کی تشنگی کو دور کیا اور ہزاروں کو منزلِ مقصود پر پہنچایا وہاں بعد میں آنے والے صوفیا صافیہ کی رہنمائی کے لئے "ملہمات" کے نام سے عربی میں ایک رسالہ تحریر فرمایا جس کا موضوع نام سے ظاہر ہے۔ یہ رسالہ فیض قبالہ نقل در نقل ہو اہل دل حضرات کے کتب خانوں کی زینت بنتا رہا۔ یہ رسالہ پہلی بار ۱۸۹۰ء میں فارسی اور اردو ترجمہ کے ساتھ زیور طباعت سے آراستہ ہوا تھا جو قلیل عرصہ میں "النادر کالمعدوم" کے مصداق ہو گیا۔ پاکستان کے معرضِ وجود میں آنے کے کچھ عرصہ بعد بیرسٹر عبدالشکور السلام صاحب (اولاد حضرت خواجہ قطب جمال) کی کاوش سے رسالہ ملہمات دوسری بار منظرعام پر آیا اور اب تیسری بار دودمانِ جمالیہ کے معارف پرور اور علم نواز فرد جناب جسٹس عبدالشکور السلام اور ہمارے فاضل محترم سردار علی احمد خان کی مساعی سے بمعہ انگریزی ترجمہ اور حالاتِ بابرکات حضرت قطب جمال اور تذکرہ خلفاء آں حضرت اور دیگر کئی اضافوں کے ساتھ منصۂ شہود پر جلوہ گر ہو رہا ہے۔

انگلش ترجمہ اور حالات حضرت مصنف علیہ الرحمۃ جناب فاضل محترم سردار علی احمد خان کی کاوش کا نتیجہ ہیں۔ سردار صاحب مدظلہ مختلف زبانوں کے ماہر ہیں اور ان کی انگریزی کو تو حلقۂ ادبا میں بہت زیادہ سراہا جاتا ہے جناب سردار صاحب کا علمی اور ادبی ذوق نہایت شستہ ہے موصوف انگریزی اور اردو زبانوں میں کتابیں تصنیف کرنے کے ساتھ ساتھ بلند پایہ اور معلومات

Marfat.com

افزا مضامین و مقالات بھی لکھتے رہتے ہیں۔ مگر میرے نزدیک ان کی زندگی کا حسین ترین پہلو یہ ہے کہ وہ شیخ الاولیا حضور داتا گنج بخش رضؓ کے عاشق صادق ہیں۔ روزانہ کی حاضری ان کا معمول ہے۔ آپ تمام سلاسل کے صوفیہ کرام کا تہہ دل سے احترام کرتے ہیں اور ان کے مزارات سے کسب فیض ان کا محبوب مشغلہ ہے۔ سردار علی احمد خان کے علمی کارناموں کا تعارف اسی مختصر تحریر کے ذریعہ نہیں کرایا جاسکتا۔ ان کی چند ایک تصانیف کے اسماء یہ ہیں۔

۱۔ سفر نامہ حج (اردو) ۲۔ دی نقشبندیز (انگریزی) ۳۔ شہزادی جہاں آرا بیگم کے رسالہ "صاحبیہ" کا انگریزی ترجمہ بمعہ حالات زندگی۔ ۴۔ حضرت برہان الدین غریب نواز علیہ الرحمۃ کے ملفوظات کا انگریزی ترجمہ ۵۔ نغمۂ بلبل (سروجنی نائیڈو کی نظموں کا منظوم اردو ترجمہ) ۶۔ برصغیر کے دلستان مصوری (اردو)

سردار صاحب کا شعری ذوق بھی بڑا بلند ہے آپ اردو، انگریزی اور فارسی میں لکھتے ہیں۔ ان کے کلام کا غالب نعت و منقبت پر مشتمل ہے۔

"ملہمات" کا پیش نظر ایڈیشن انجمن فلاح و بہبود زائرین پاکستان لاہور کی طرف سے طبع و شائع ہوا ہے۔ انجمن کے جملہ اراکین ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں۔ جناب جسٹس عبدالشکور السلام نے کتاب کا پیش لفظ تحریر کرکے حق فرزندی ادا کیا ہے۔ جزاہ اللہ تعالیٰ احسن الخیر

خاک راہِ دردمنداں

۶۔ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۵ھ (حکیم) محمد موسیٰ عفی عنہ ـــــــ لاہور

Marfat.com

حمد باری تعالے

حمدے کہ ہمچو بحرِ کرم بے کراں بود | حمدے کہ شکر نعمت ہر دو جہاں بود
حمدے کہ چوں ز حیطۂ جاں سر بروں کشد | ہر تار موے بر تن ازاں صد زباں بود
حمدے کہ چوں زباں دہدش نور را بیاں | تحسین قدسیاں ہمہ نعم البیاں بود
بادا نثار یار کہ قدوس و کبریا | کاں مقصد مجاہدۂ قدسیاں بود
واں را کہ دیدہ بر تو بود ز آتش دروں | چوں ابر بر بساطِ جہاں درفشاں بود
در محنت فراق چو دل می رود ز دست | در لذت وصال بہ بیں تا چہ ساں بود
ہر مرہمے ز غیر تو دل را جراحت است | زخمے کہ از تو میرسد آرام جاں بود

ترا باشد سزا عز و خدائی | تو داری ملک ملک و بادشاہی
دہندہ برگ گل از باد و خاکے | پلنگ اندر نہندہ تارھائی
توئی فرد قدیم و حی و قیوم | توئی بے شبہ و بے چون و چرائی
نہ جنبان و نہ ساکن بر زمینے | نہ او رنگ و معلق در ہوائی
مقدس از زن و فرزند نسلے | منزہ از خور و خواب و زجائی
منم امیدوار و صلت تو | مبادا کز توم باشد جدائی
برائے لقمۂ جاں بادشاہا | بکوبیت می کنم دائم گدائی

مکن بیگانہ احمدؐ را چو ہم تو،
بخود دادی مرا اورا آشنائی

Marfat.com

نعت

وائے سیّد نیکو شیم، وائے خواجۂ عالی ہمم
وائے پیشوائے محتشم وائے مقتدائے محترم

اسم شریفت مصطفیٰ ذات لطیف مجتبیٰ
قول غریبت مرتضیٰ کفِ عطا یابش نعم

در لفظِ تو ذوق شکر از نورِ تو یک ذرّہ خور
بارائے تو روئے قمر ہمچو غبارے در ظلم

مصباح علم افروختی، عود رسالت سوختی
احکامِ شرع آموختی آنرا کہ از دیں زد رقم

عالم کہ از تو پر نور شد کفر و ضلالت دور شد
شہرے ہدیٰ محمود شد در وے چو بنہادے قدم

در ہر دو عالم سروری مر مہترے را درخوری
بر ذاتِ تو پیغامبری شد ختم با خیر الامم

احمد کہ ہست آں امّتت رمزے بگفت از تربیت
تا در حشر از مدحتت گوید نیاید ہیچ کم

فردا شفاعت کن ورا در حضرتِ پاکِ خدا
تا گردد از آتش رہا گو ہست ترساں دردم

نعت

بذکرِ خواجہ عالم زباں بیارائیم

دہان بستہ بمدحِ رسول بکشائیم

نوائے عزّ و جل چوں ستودہ سیّد را

مرا چہ زہرہ و یارائے آنکہ بستائیم

Marfat.com

در مدح حضرت امام اعظم ابو حنیفہ نعمان بن ثابت رح

زہے نفظِ دہان بو حنیفہ رح | چنیں شیریں بیان بو حنیفہ رح
مبین گشت علمِ فقہ و شائع | زِ الفاظِ دہانِ بو حنیفہ رح
کشادہ گشت قفل باب فتویٰ | زمفتاح بنانِ بو حنیفہ رح
عروس شرع زیور کرد ازاں زر | کہ حاصل شد ز کانِ بو حنیفہ رح
ندیدہ دیدۂ کس در فقاہت | دریں عالم بسانِ بو حنیفہ رح
دریدہ سینۂ جہل از درا بیت | سر نوکِ سنانِ بو حنیفہ رح
عقاب مبتدع بودہ لکد کوب | ز بازِ آشیانِ بو حنیفہ رح
بتقویٰ و دیانت بودہ برتر | ز ہفت اختر مکانِ بو حنیفہ رح
زجوئے بردباری گشتہ سیراب | نہالِ بوستان بو حنیفہ رح
بفضل و علم و حلم و زہد و تقویٰ | ہمہ دادہ نشان بو حنیفہ رح
بحق جوئی و دیں داری رسیدہ | بمقصد بس روان بو حنیفہ رح
بسے برداشت الوانِ حقائق | ابو یوسف رح زخوان بو حنیفہ رح
زبہر نعمتِ علمی بسے شد | محمد رح میہمان بو حنیفہ رح
زفر رح گنج معانی کرد حاصل | طبع دُر فشانِ بو حنیفہ رح
کجا مردے بہ صف علم آں گو | بکف گیرد کمانِ بو حنیفہ رح

Marfat.com

کرا باشد بسیار فضل و دانش
که گردد میزبان بوحنیفہؒ

کہ تا امروز بر خوانِ تعلّم
ہمی یابند نانِ بوحنیفہؒ

مسائل کے شدی حل گر مفسّر
نکردے ترجمانِ بوحنیفہؒ

سزد گر عاقلاں بر جاں نگارند
رموزاتِ بیانِ بوحنیفہؒ

مرا فخر است بر اہل زمانہ
کہ گشتم مدح خوانِ بوحنیفہؒ

خداوند از احمدؒ شادگرداں
بفضل خود روانِ بوحنیفہؒ

قرین رحمت و رضوانِ خود دار
بجاہ و ساکنِ جانِ بوحنیفہؒ

منقبت
حضرت خواجہ قطب جمال ہانسویؒ

اے جمالِ ہانسوی اے جانِ جانانِ فرید
زینت و آرائشِ بزمِ درخشانِ فرید

بادشاہِ ملکِ عرفان و معراج الاولیاءؒ
پیکرِ نورِ خفا، حق مظہر ذاتِ خدا

قدرت آئینہ ہے تیرا فطرت اک شانہ ترا
مضمر اک لفظ محبت میں ہے افسانہ ترا

تیری آنکھیں ایک مرکز کثرتِ انوار کا
تیرا دل ہے اک خزینہ وحدت الاسرار کا

تیری ہنسی میں ہیں انوارِ ازل جلوہ فگن
خواجہ ہند الولی کی زلف ہے سایہ فگن

کون ہے وہ جو فیض باطنی پاتا نہیں
تیری چوکھٹ سے تہی دامن کوئی آتا نہیں

طلعت بابا فریدالدینؒ ہے طلعت تری
ہے میرے فہم تصور سے کہیں رفعت تری

Marfat.com

حضرت قطب

جمال الدین احمد ہانسوی

کریم و عالی صفت حضرت جمال الدینؒ

عطا بہ ملتِ بیضا چو آیتِ یزداں

نام و نسب آپ کا اسم گرامی احمد اور لقب جمال الدین تھا۔ آپ ۵۸۳ھ میں غزنی شہر (افغانستان) میں تولد ہوئے۔ آپ کے والد محترم حضرت قاضی حمید الدین عرف شیخ محمد تھے جو دینی علوم کے علاوہ فن سپہ گری میں بھی مہارت نامہ رکھتے تھے۔ جب سلطان شہاب الدین محمد غوری نے ہندوستان پر دوسرا حملہ کیا تو قاضی حمید الدین اس لشکر میں ایک پلٹن کے سالار تھے اور حضرت قطب جمال کے حقیقی ماموں سید نعمت اللہ شاہ ولیؒ بھی لشکر مجاہدین میں شامل تھے۔ انہیں شہادت نصیب ہوئی اور ہانسی کے قلعہ میں مدفون ہوئے۔ ان کا مزار اب تک موجود ہے۔ ہانسی کی فتح کے بعد حضرت حمید الدین قاضیٔ شہر مقرر ہوئے۔ اور آپ نے یہاں مستقل رہائش اختیار کر لی۔ حضرت قطب جمال پانچ برس کے تھے۔ کہ اپنی والدہ ماجدہ اور دیگر اہل خاندان کے

Marfat.com

ساتھ مستقل اقامت کیلئے ہانسی وارد ہوئے ۔

حضرت قطب جمال الدین ہانسوی کا شجرہ نسب یوں ہے:
حضرت جمال الدین احمد بن قاضی حمید الدین بن حضرت سلطان محمود عرف شیخ منظفر بن شیخ سلطان ابراہیم بن سلطان ابوبکر بن حضرت سلطان عبداللہ بن حضرت سلطان عبدالرشید بن حضرت سلطان عبدالصمد بن حضرت سلطان عبدالسلام عرف امام حماد بن حضرت ابوحنیفہ نعمان المشہور امام اعظم بن ثابت بن نعمان بن مرزبان بن ثابت بن قیس بن یزدگرد بن شہریار بن پرویز بن نوشیروان بن قباد بن فیروز بن یزدجرد بن بہرام بن شاہ پور بن ہرمز بن نرسی بن بہرام بن اردشیر بن بابک بن ساسان بن بہمن بن بہمن بن اسفندیار بن گشتاسپ بن لہراسپ بن بہمن بن کیقباد بن داراب بن طہماسپ بن نمیرد بن کیخسرو بن سیاؤش بن رستم بن دستان بن سام بن نریمان بن عام بن علوان بن عجلاق بن عاد بن عوض بن آرام بن حضرت نوح نبی اللہ علیہ السلام
(بحوالہ دیوان خلیل)

حضرت جمال الدین احمد قطب ہانسوی کا حسباً سلسلہ (نانہالی) حضرت غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلی کے علاوہ حضرت سید جلال الدین جہانیاں جہانگشت بخاری اوچی سے بھی ملتا ہے اور ناتہالی سلسلہ کی ایک لڑی حضرت بابا فریدالدین گنج شکر فاروقی اجودھنی سے بھی جاملتی ہے ۔ حضرت قطب جمال الدین احمد ہانسوی کے نانا حضرت مخدوم سید احمد گیسو دراز غزنوی تھے

جو ایک خدا رسیدہ بزرگ اور درویش کامل تھے ۔ سراج النسب میں لکھا ہے کہ موصوف کی دو بیٹیاں تھیں ان میں سے ایک بی بی حافظہ جمال صاحبہ تھیں جن کے بطن نوری سے حضرت شیخ شرف الدین عرف بو علی شاہ قلندرؒ پانی پتی پیدا ہوئے تھے دوسری صاحبزادی سائرہ بی بی نامی تھیں ۔ جو حضرت قطب جمال کی والدہ تھیں ۔

بچپن اور جوانی

حضرت جمال الدین احمد نے ابتدائی تعلیم اپنے گھر پر حاصل کی بچپن سے ہی بڑے ذہین و فطین تھے آپ کے والد بزرگوار آپ کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ فرماتے تھے ۔ علوم مروجہ (یعنی تفسیر قرآن مجید، احادیث، فقہ، تاریخ، صرف و نحو اور طب) میں سند فضیلت حاصل کی ۔ آپ علوم ظاہری و باطنی میں درجہ کمال تک پہنچے ہوئے تھے ۔ فقہ آپ کا خصوصی مضمون تھا ۔ آپ فن تقریر میں ید طولیٰ رکھتے تھے ۔ مبدأ فیض نے آپ کو شاعری کا بھی ملکہ عطا کیا تھا ۔ آپ صاحب دیوان شاعر تھے ۔ اور خطیب تخلص کرتے تھے ۔ حضرت جمال شریعت کے بڑے پابند اور خلق محمدی کا نمونہ تھے ۔ نوجوانی میں بھی بڑے پارسا اور پرہیزگار رہے ۔ چھوٹی سے چھوٹی سنت کی ادائیگی کا بھی بڑا خیال رکھتے تھے ۔ آپ کے والد محترم حضرت قاضی حمید الدین ابھی حیات تھے کہ آپ شہر ہانسی کے خطیب مقرر ہوئے ۔ اسی نسبت سے آپ مولانا جمال الدین خطیب کے نام سے مشہور ہو گئے ۔ بڑے بڑے علماء

Marfat.com

آپ کی فضیلت علمی کے معترف تھے ۔ حکومت وقت کی جانب سے جو قاضی علاقہ جات ہریانہ میں مقرر ہوتے تھے وہ آپ کی ہی منظوری سے ہوتے تھے ۔

بیعت و خلافت حضرت قطب جمال کی عمر پچاس برس تھی کہ آپ حضرت شیخ الاسلام بابا فریدالدین مسعود چشتی کے مرید ہوئے اور خلافت پائی ۔ بابا صاحب سے آپ کی بیعت ہانسی میں ہی ہوئی حضرت بابا فریدالدین گنج شکر بوجہ محبت حضرت قطب جمال ہانسی میں ہی فروکش رہے ۔

رواق منظر چشم من آشیانہ تست　　کرم نماد فرود آکہ خانہ خانہ تست

حضرت بابا فریدالدین ہانسی میں مقیم تھے کہ آپ کے پیر روشن ضمیر حضرت قطب الدین بختیار کاکی دہلوی کی وفات کی خبر آئی چنانچہ آپ نے دہلی کا سفر اختیار کیا وہاں پہنچے تو حضرت قاضی حمید الدین ناگوری سے ملاقات ہوئی ۔ انہوں نے حسب ارشاد قطب اقطاب آپ کو ان کی نعلین، عصا اور خرقہ سپرد کئے بابا صاحب نے خرقہ زیب تن کیا اور تین چار روز آستانۂ قطب صاحب پر قیام کرنے کے بعد عازم سفر ہوئے ۔ آپ کے پیر بھائیوں اور مریدان قطب الاقطاب نے عرض کیا کہ چونکہ آپ کو قطب صاحب نے اپنا جانشین مقرر فرمایا ہے ۔ اس لئے اب آپ کا قیام دہلی میں ہی ہونا چاہیئے ۔ لیکن آپ نے جواباً ارشاد فرمایا کہ ہمیں جو نعمت پیر نے عطا کی ہے ۔ وہ ہانسی اور اس کے جنگل میں ہے

Marfat.com

چنانچہ حضرت بابا فریدؒ ہانسی پہنچے اور حضرت قطب جمال کو خلافت عنایت کی۔ نیز حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ کے تبرکات یعنی خرقہ، عصا، نعلین اور قلمی کتب عوارف المعارف مصنفہ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ عطا فرمائے۔ حضرت بابا فریدؒ اکثر فرمایا کرتے تھے۔ کہ "جمال جمالِ ماست" اور کبھی ارشاد ہوتا کہ "جمال می خواہم کہ گرد سر تو بگردم" اور کبھی یوں ارشاد فرماتے کہ "از خود برنجم لیکن از جمال نرنجم" (یعنی خود سے رنجیدہ ہو جاتا ہوں لیکن جمالؒ سے کبھی نہیں) حضرت قطب جمال کو بھی اپنے مرشد سے کمال الفت تھی۔ ان کی منقبت میں بہت سے اشعار لکھے ہیں ہم یہاں تبرکاً چند ابیات نقل کرتے ہیں۔

دارد و بد ہر نفس و دل، پاک پیرؒ من
کامروز ہست قدوہ سلاک پیر من

شاید وضو ز کوثر و باشد سزا کہ تا
سازد ز شاخ طوبیٰ مسواک پیرؒ من

ملک جہان نخواہد در ہمت بلند
زر را طلا شمارد چوں خاکِ پیر من

خاشاک و خس نمود متاع و قماش دہر
بگذاشت ایں ہمہ خس و خاشاک پیر من

در صدر قرب چوں بخداوند انس یافت
شاداں بود ہمیشہ نہ غمناک پیر من

ہر سر بپائے پیر معلاّ کجا رسد

Marfat.com

چوں پا نہاد بر سرِ افلاک پیرِ من
پیرم فرید دین من احمد مریدِ او
زاں میدہد بدستم فتراک پیرِ من

آنکہ بگرفت راہ پیر جمال
بار دادش اِلٰہ پیر جمال
کرد روشن شب مریداں را
طلعت ہمچو ماہ پیر جمال
چوں جنیدے کجا کہ تا گردد
محرم پیش گاہ پیر جمال
در صف اولیاء بود شایاں
از ملائک سپاہ پیر جمال
شاید او جبرئیل برخواند
قصۂ قدر و جاہ پیر جمال
ساحتِ حضرت خدا باشد
در خورِ خانقاہِ پیر جمال

والا فرید ملت و دیں آنکہ نزد او
خُرد و بزرگ از رہِ توقیر میرود
کز صد یکے نگفتم از آفرین او ہمیں
در بیان مدحش تقصیر میرود

Marfat.com

شیخ عالم فرید ملت و دیں
آنکہ از و زندہ گشت نام شیوخ

اپنی والہانہ خدمت وخلوص اور ارادت کی بدولت حضرت جمال الدین بابا صاحبؒ کے منظور نظر بن گئے۔ پاک پتن پہنچ کر انہوں نے کافی عرصہ اپنے مرشد کی خدمت میں گزارا۔ یہاں آپ کے سپرد لنگر فریدی کے لئے جنگل سے ڈیلہ (ایک قسم کا جنگلی پھل) لانے کی ڈیوٹی لگی۔ آپ یہ کام نہایت مستعدی سے سرانجام دیتے رہے۔

درویشانہ زندگی

حضرت قطب جمال نے جب بابا فرید صاحب کی صحبت اختیار کی تو سرکاری عہدۂ قضا وخطابت سے استعفٰی دے دیا۔ حکومت وقت نے مدد معاش کے لئے جو اس عہدہ ومنصب کے ضمن میں دیہات اور معافی اراضیات دے رکھی تھیں۔ وہ قطب صاحب نے واپس کر دیں۔ متقدمین پیرانِ سلسلہ کے طریق پر آپ تمام عمر بادشاہ یا امراء کے در پر نہیں گئے۔

پشت پا زن تخت کیکاؤس را سر بدہ از کف مدہ ناموس را

حضرت قطب جمال نے تمام عمر امیرانہ لباس زیب تن نہیں کیا۔ آپ کی خوراک سادہ ہوتی تھی اور مقدار بہت کم۔ آپ ہمیشہ کم گفتن، کم خفتن کم خوردن پر عامل رہے۔ مہمان نوازی آپ کا خاصہ تھا

Marfat.com

سفر میں گھوڑے کی سواری کے علاوہ پیدل بھی چلتے تھے
قطب صاحب نے سات مرتبہ پاک پتن جاکر اپنے پیر و مرشد حضرت
بابا صاحب کی خدمت میں حاضری دی۔ ؎

برائے دیدنِ روئے چو ماہست
ہمیشہ جان و دل سوئے کشانت

اپنے دیوان میں ایک جگہ لکھتے ہیں :-

برد در خدمت شیخ المشائخ　　فرید الحق والدین بارادت
چو احمدؒ شد مریدِ او، ولیکن　　نگہ میدار آدابِ عبادت

اتباع سنت کی تلقین فرماتے اور خود چھوٹی چھوٹی چیزوں میں
بھی اس کی پیروی کرتے تھے۔
حضرت قطب جمال عالم باعمل تھے۔ اور صوفی باصفا اور عاشق
رسول مقبولؐ تھے ؎

دارم ہمہ جا با ہمہ در ہمہ حال
در دل ز تو آرزو و در دیدہ خیال

دنیاوی شان و شوکت اور سرکاری مرتبہ و منصب ترک کرکے
آپ نے درویشی اختیار کی اور یہ غریبی آپ کے لئے باعثِ فخر تھی ؎

نزدیک جہانیاں گدائیم
در عالم فقر بادشاہیم

حضرت قطب جمالؒ کسی سے کچھ طلب نہ کرتے تھے۔ تحائف

Marfat.com

قبول کرنے میں بھی آپ کو تامّل رہتا۔ خانقاہ اور گھر بار کے خرچ میں تنگی رہتی تھی لیکن آپ نہایت حوصلہ مندی سے اور صبر سے گذر اوقات کئے جاتے تھے۔

حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ دہلوی سے روایت ہے کہ وہ پاک پتن جاتے ہوئے ہانسی پہنچے اور شیخ جمال الدین قطبؒ سے ملاقات ہوئی انہوں نے فرمایا کہ مرشد بابا فریدؒ سے عرض کر دینا کہ میرے خرچ میں تنگی رہتی ہے۔ فراخی کے لئے دعا فرمائیں۔ بابا صاحبؒ نے جواباً ارشاد فرمایا کہ قطب جمالؒ کو واضح کر دیجئے کہ جب کسی کو کہیں کی ولایت دی جاتی ہے تو اس کو چاہیئے کہ وہاں کے لوگوں کو اپنی جانب مائل کرے (چوں ولایت بر کسے دادہ شود اورا واجب است کہ استمالت آن ولایت بکند)

قطب صاحبؒ کی عظمت بزرگی

حضرت نظام الدین اولیاؒ فرماتے ہیں کہ قطب جمال کی قدر افزائی بابا صاحبؒ یہاں تک کرتے تھے کہ جب مجھے خلافت نامہ عطا ہوا تو مرشد نے ارشاد کیا کہ یہ خلافت نامہ مولانا جمال الدین کو دکھا دینا۔ چنانچہ ہانسی پہنچ کر میں نے اپنا وہ خلافت نامہ برائے ملاحظہ پیش کیا تو آپ خوش ہوئے اور شفقت سے میری (مزید روحانی) تربیت فرمائی اور یہ شعر پڑھا ؎

خدائے جہاں را ہزاراں سپاس
کہ گوہر سپردم بگوہر شناس

Marfat.com

ایک اور واقعہ حضرت نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی نے یوں بیان کیا ہے کہ بابا صاحبؒ نے ایک آدمی کو خلافت نامہ دے کر قطب صاحب کے پاس ہانسی بھیجا۔ لیکن قطب صاحب نے اس شخص سے فرمایا کہ میاں تم خلافت کے لائق نہیں ہو۔ چنانچہ دستاویز خلافت نامہ چاک کر دی گئی۔ وہ شخص پاک پتن واپس لوٹ گیا۔ اور اس امر کی شکایت بابا صاحب سے کی۔ ان کا جواب یہ تھا کہ "دریدۂ جمال را فرید نتواں دوخت"۔ کتاب نوادر السفر" میں بھی ایک ایسا ہی واقعہ مندرج ہے۔ لیکن اس میں عبارت یوں لکھی ہے:۔

"از ہر کہ جمال جامۂ خلافت بستاند، فرید اورا باز داد ن نتواند"۔ سبع سنابل میں یہی واقعہ درج ہے۔

صاحبِ طبقاتِ حسامی نے تحریر کیا ہے کہ بابا فریدؒ جس کو خلیفہ نامزد کرتے اسی کو قطب جمال کے پاس بھیجتے تھے۔ قطب صاحب اس کی تربیت فرماتے۔ اگر لائق خلافت سمجھتے تو خلافت منظور فرماتے ورنہ خلافت نامہ چاک کر دیتے۔ وہ اگر بابا صاحبؒ سے شکایت کرتا تو جواب ملتا کہ "دریدۂ جمال را فرید نتواند دوخت"

نقل ہے کہ ایک بار حضرت بہاؤالدین ذکریا سہروردی ملتانی نے حضرت بابا صاحبؒ کو لکھا کہ میرے سارے مرید اور خلفاء کے بدلے آپ احمد جمال کو ہمیں دے دیجئے اور شرطِ محبت یہ ہے کہ اس سودے کو آپ درہم برہم نہ کریں۔ بابا صاحب نے جواب دیا کہ "جمال میرا جمال ہے سودا مال میں ہوتا ہے نہ کہ جمال میں۔"

تذکارِ قطب حضرت محبوبؒ الٰہی کی زبانی

مولانا شمس الدین دبیرؒ ۔ قطب جمال احمد ہانسویؒ اور نظام الدین اولیاء محبوب الٰہیؒ، حضرت باباصاحبؒ کے آستانہ پر چند دن قیام کرنے کے بعد رخصت لینے گئے۔ قاعدہ یہ تھا کہ قافلہ میں جو بزرگ ہوتا تھا اس کو مرشد رخصت کے وقت مناسب نصیحت فرماتے۔ اس موقعہ پر باباصاحب نے قطب صاحب کو نصیحت فرمائی کہ نظام الدین کی خبر گیری کرنا۔ قطب جمال نے بڑی خبر گیری فرمائی۔ جب قصبہ اگروہہ وارد ہوئے تو وہاں کا حاکم حضرت قطب جمال کا دوست تھا وہ اپنے مکان پر لے گیا۔ اور نہایت پرتکلف دعوت کی۔ قطب صاحب نے روانگی کے لئے اجازت چاہی تو اس نے عرض کیا کہ یہاں لوگ قحط میں مبتلا ہیں۔ جب تک بارش نہ ہو آپ یہیں تشریف رکھیں۔ قطب صاحب خاموش ہو رہے۔ صبح نہ ہونے پائی تھی کہ خوب زور سے بارش ہونے لگی صبح کو حاکم اگروہہ نے سواری کے لئے گھوڑے پیش کئے اور ہم وہاں سے روانہ ہو گئے

حضرت محبوب الٰہی ایک بار ہانسی گئے تو سردی کا موسم تھا۔ شیخ جمال الدین احمدؒ نے یہ شعر پڑھا ؎

باروغن گاؤ اندریں روز خنک
نیکو باشد ہریسہ و نانِ تنک

محبوب الٰہی نے کہا کہ ذِکرُ الغَائِبِ غِیبَۃٌ (غائب کا ذکر غیبت ہوتی ہے) قطب صاحب نے تبسم کیا اور کہا کہ موجود کر لیا ہے

Marfat.com

میں (نظام الدین) جب خلیفہ نامزد ہونے کے بعد قطب صاحب کے پاس گیا تو انہوں نے تعظیم نہ دی۔ میرے دل میں خیال آیا کہ پہلے تو ہمیں تعظیم دیتے تھے اب کیوں نہ دی۔ وہ خود گویا ہوئے کہ اے نظام الدین تعظیم نہ دینے کا سبب یہ ہے کہ اب ہیں اور تم ایک ہو گئے کیا کوئی اپنے کو تعظیم دیتا ہے۔

جب میں (نظام الدین) اپنا خلافت نامہ لے کر قطب صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ کی نذر کے لئے جنگل سے کچھ خشک لکڑیاں اور مٹی کے چند ڈھیلے اپنے رخساروں سے صاف کر کے لے گیا۔ اس پر خلوص نذر پر حضرتؒ قطب صاحب بے حد مسرور ہوئے اور فرمانے لگے کہ ہمارے غسل میت کا پانی ان لکڑیوں سے گرم کیا جائے۔ اور یہ ڈھیلے ہماری قبر میں ساتھ رکھ دیئے جائیں۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔

میں نے وصال کے بعد شیخ جمال الدین احمدؒ کو خواب میں دیکھا فرماتے تھے کہ میں ہمیشہ نماز مغرب کی سنتوں کے ساتھ صلوٰۃ الروح اور فرضوں کے متصل آیت الکرسی پڑھا کرتا تھا۔ اللہ تعالےٰ نے مجھے اسی عمل کے سبب بخش دیا۔

سیر الاقطاب کی ایک روایت

حضرت خواجہ بہاؤ الدین زکریا ملتانی علیہ الرحمۃ نے مخدوم بابا فرید الدین گنج شکرؒ اجودھنی سے کئی مرتبہ شیخ جمال الدین احمد ہانسویؒ کو مانگا لیکن بابا صاحب ہر بار یہی

119050

جواب دیتے کہ "جمال الدین جمال ما است و کسے شخص جمال خویش را بہ دیگرے نمی دہد" آخر خواجہ بہاؤالدین زکریا نے اپنے جذب باطنی سے شیخ جمال الدین کو اپنی طرف کھینچا۔ شیخ جمال کے دل میں اضطراب پیدا ہوگیا اور انہوں نے بابا صاحب سے خواجہ زکریا ملتانیؒ کے پاس جانے کی اجازت طلب کی۔ مرشد گرامی کو ان کا یہ اصرار ناگوار گزرا اور ایک روز حالتِ جلال میں شیخ جمال الدین ہانسویؒ سے فرمایا: "برو در روئے خود سیاہ کن" یہ الفاظ نکلتے ہی شیخ جمال الدین کا جمال صورت متغیر ہوگیا۔ اور کمالات باطنی سلب ہوگئے۔ وہ خانقاہ فریدی سے نکل کر دیوانہ وار دشت نوردی کرنے لگے۔ کہ بابا صاحب کی ناخوشی ان کے لئے سوہانِ روح بن گئی تھی۔ ہر وقت آہ وزاری کرتے اور مرشد گرامی کو یاد کرتے اکثر حالتِ جذبِ جنوں میں اپنا لباس پھاڑ ڈالتے اور کبھی سر پر خاک ڈالتے۔ اسی حالت میں ایک سال گزر گیا۔ بابا فریدؒ کا عقیدت مند ایک سوداگر مسمی شیخ عالم اس جنگل سے اپنے قافلہ کے ساتھ گزرا جہاں شیخ جمال الدین پریشان پھر رہے تھے۔ اس نے آپ کو پہچان لیا اور آپ کے حال پر نہایت تعجب اور افسوس کا اظہار کیا۔ شیخ جمال نے "ہائے فرید" کا نعرہ مارا اور بے ہوش ہوگئے جب ہوش میں آئے تو سوداگر سے التجا کی کہ سرکارِ فرید میں میری طرف سے یہ عرض کر دینا۔ ؎

حضرت گنج شکر قطبِ زماں قطبِ زمیں ۔۔۔ چشمِ رحمت بکشا جانب درویش بہ بیں

Marfat.com

بابا صاحب کو شیخ جمال کی حالت سن کر بہت رحم آیا اور جواباً ایک مرید کے ہاتھ انہیں یہ رباعی لکھ کر بھیجی۔

روگرد جہاں بگرد، وباآ بلہ کن
گرہیچ و منی بابی د مارا گلہ کن

یک صبح باخلاص بیب بُر درما
گر کار تو بر نبارد، آنگاہ گلہ کن

یہ رقعہ پاکر شیخ جمالؒ بے حد خوش ہوئے اسے بار بار چومتے اور آنکھوں سے لگاتے تھے۔ اسی وقت پاک پتن کے لئے چل کھڑے ہوئے اور مرشد کی خدمت میں آکر خوب روئے۔ بابا صاحبؒ نے انہیں اپنے سینے سے لگا لیا اور تمام سلب کردہ کمالات واپس عطا کر دیئے۔

(نوٹ:۔ بعض محققین کے نزدیک یہ روایت ثقہ نہیں ہے اور ناقابل تسلیم قرار دی گئی ہے)

بابا صاحب نے شیخ جمال الدین احمد کو قطب کا خطاب دے کر ہانسی روانہ کر دیا۔ جہاں آپ نے بقیہ عمر اصلاحِ خلق میں گزاری۔

دوسری روایت

متذکرہ صدر روایت کے علاوہ ایک اور غیر ثقہ روایت سیر الاقطاب اور خزینۃ الاصفیاء میں درج ہے اور وہ یہ کہ بابا فریدالدینؒ کے بھانجہ مخدوم علاؤالدین علی احمد صابرؒ جب ہانسی پہنچے اور اپنی سند خلافت تصدیق و توثیق کے لئے شیخ قطب جمال کو

Marfat.com

پیش کی تلاوت کا وقت تھا۔ حجرے کا چراغ ہوا کے ایک تیز جھونکے سے بجھ گیا۔ مخدوم علاؤالدین نے اپنی انگلی کھڑی کی۔ اور وہ چراغ کی طرح روشنی دینے لگی۔ قطب جمال کو ان کا یہ اظہارِ کرامت پسند نہ آیا۔ اور انہوں نے خلافت نامہ چاک کر دیا۔ مخدوم علاؤالدین جلال میں آ گئے کہ آپ نے میری سندِ خلافت چاک کی اور میں نے آپ کا سلسلہ چاک کر دیا۔ مخدوم بلا توقف واپس اجودھن پہنچے اور سب واقعہ بابا صاحب کے گوش گزار کیا۔ بابا صاحب نے فرمایا کہ " تیر پہلوانانِ دین خطا نمی رود" اور پھر پوچھا تم نے جمال الدین ہانسوی کا سلسلہ کس طرف سے چاک کیا۔ مخدوم علی احمد صابرؒ نے جواب دیا، اوّل سے" بابا صاحبؒ نے فرمایا کہ یہ بھی اچھا ہوا۔ اللہ تعالےٰ کچھ مدت بعد تمہارے ایک مرید کی دعا سے سلسلۂ جمالیہ درست کر دے گا۔ میں تمہیں نئی سند لکھ دیتا ہوں۔

اقتباس الانوار میں اس روایت کے حوالے سے یہ تحریر ہے کہ سند خلافت چاک کرتے وقت شیخ جمال الدین احمد ہانسویؒ نے یہ الفاظ کہے:۔

" چندیں سرعت چیست صاحب ولایت دہلی را بردباری باید و شما طاقت نشستن یک ساعت ندارید ایں کار چہ طور پیش خواہد رفت "

نئی دہلی میں قطب روڈ کی ایک سائیڈ روڈ " مٹکا پیر مارگ " کے نام سے مشہور ہے۔ یہاں ایک نئی آبادی تقسیم ہند کے بعد

Marfat.com

تعمیر ہوئی جسے ٹھکا پیرا یکس ٹینشن کہتے ہیں۔ یہاں حضرت شیخ ابوبکر حیدری کا مزار ہے۔ جہاں لوگ منت کے طور پر مٹکے چڑھاتے ہیں
شیخ ابوبکر حیدریؒ سے حضرت قطب جمال ہانسویؒ کے مراسم بے حد دوستانہ تھے دونوں میں بڑی مودت اور پیار تھا۔ قطب صاحب انہیں "باز سفید" کہا کرتے تھے۔ اور جب دہلی جاتے ان سے ضرور ملاقات کیا کرتے تھے۔

ایک بار قطب صاحبؒ عازم دہلی ہوئے۔ دہلی کے مضافاتی گاؤں کنکڑ (جو دریائے جمنا کے کنارے پر واقع ہے) میں قیام کیا۔ مولانا حسام الدین آپ کے استقبال کو آئے بعد سلام علیک آپ نے دریافت فرمایا کہ ہمارے سفید باز کا کیا حال ہے۔ مولانا نے عرض کیا کہ میں آپ کی ملاقات کے لیے آ رہا تھا تو انہوں نے کہا کہ میری طرف سے قطب سے کہہ دینا کہ میں حج کو جاتا ہوں۔ حضرت قطب صاحبؒ نے مولانا حسام الدین سے فرمایا کہ آپ فوراً ان کی خدمت میں چلے جائیں اور بعد از سلام یہ کاغذ جس پر رباعی لکھی ہے انہیں دے دیں۔

بر پائے ترا سرم نثار اولیٰ تر
یک سر چہ بود بلکہ ہزار اولیٰ تر
در غارِ وطن ساز چو بوبکرؓ آنکہ
بوبکرؓ محمدؐ بغار اولیٰ تر

روایت ہے کہ یہ رباعی پڑھ کر شیخ ابوبکر نے اس وقت سفر ملتوی

کردیا اور آپ کی ملاقات کے لئے چلے آئے ؎

دیدار دوستانِ موافق غنیمت است
چوں باقیم حیف بُود گر رہا کنیم

ازواج و اولاد حضرت قطب جمال ہانسویؒ نے دو نکاح کئے پہلی بیوی سے ایک صاحبزادہ تولد ہوا جن کا نام شاہ حامد عرف کمال الدین عرف رضی الدین تھا اور ایک بیٹی بانو نامی تھیں۔ صاحبزادہ شاہ حامد کچھ مجذوب سے تھے۔ حضرت نظام الدین اولیاء دہلوی فرماتے تھے کہ وہ دیوانۂ معنوی تھے۔ ایک روز جب ان سے پوچھا گیا کہ اَلعِلمُ حجاب الاکبر سے کیا مراد ہے تو فرمانے لگے کہ "علم دونِ حق است وہرچہ دونِ حق است حجابِ اکبر است" اور یہ معانی ایسے ہیں کہ ہم نے ہزار ہوشیاروں سے بھی نہیں سنے۔ قطب صاحب کی دوسری زوجہ حضرت شرف الدین بوعلی قلندرؒ پانی پتی کی ہمشیرہ تھیں جن کے بطن سے حضرت قطب دوم صوفی برہان الدین علیہ الرحمۃ پیدا ہوئے۔

تصانیف حضرت جمال الدین احمد خطیب قطب ہانسویؒ صاحب تصنیف تھے۔ آپ کی علمی یادگاروں میں ایک دیوانِ فارسی ہے جو دو جلدوں میں ۱۸۸۹ء میں مطبع چشمۂ فیض دہلی نے حسب الارشاد پیرجی رفیع الدین صاحب بہادر تحصیلدار دہلی نے طبع کیا۔ مطبوعہ دیوان ۹۸ صفحات پر مشتمل ہے

Marfat.com

دیوان کی پہلی جلد میں حمد و نعت اور غزلیات ہیں اور دوسری جلد میں زیادہ تر رباعیات ہیں۔

مؤلف سیر الاولیاء نے لکھا ہے کہ آپ کی نظم دستور عاشقاں ہے۔ قطب صاحب کی عربی زبان میں تصنیف "ملہمات" ہے۔ جو ان الہامات کا مجموعہ ہے جو وقتاً فوقتاً آپ کو ہوئے۔

ملہمات۔ پندنامہ فارسی اور نور المواعظ بھی طبع شدہ ہیں لیکن یہ کمیاب ہیں۔

وفات سیر الاولیاء میں حضرت قطب الدین منورؒ سے روایت مندرج ہے کہ جب قطب جمال نے یہ حدیث دیکھی اَلْقَبْرُ رَوْضَۃٌ مِّنْ رِیَاضِ الْجَنَّۃِ اَوْ حُفْرَۃٌ مِّنَ النِّیْرَانِ ط (ترجمہ: قبر ایک باغ ہے جنت کے باغوں میں سے یا ایک گڑھا ہے دوزخ کے گڑھوں میں سے) تب سے آپ بے قرار اور رنجیدہ رہتے تھے۔ اور ہر وقت عذاب قبر کے خوف سے بے چین رہتے۔

نیم بسمل صبدم و افتادہ دوراز کوئے دوست
می روم افتاں وخیزاں تا ببینم روئے دوست

آپ کا وصال ۱۲ شعبان ۶۵۹ھ بروز پنج شنبہ کو ہوا۔ اس وقت آپ کی عمر ۷۶ سال تھی۔ آپ کا مزار ہانسی میں ہے جو آج بھی مرجع خلائق ہے ہر سال آپ کا عرس بڑی شان و شوکت سے منایا جاتا ہے اور ہزاروں بندگانِ خدا کے لئے منبع فیوض و برکات ہے

Marfat.com

غم زدگان را بطرب دل کشائے
گم شدگان را بکرم رہ نمائے

جواہر فریدی میں لکھا ہے کہ چند لوگوں نے جب آپ کی قبر پر گنبد تعمیر کرنے کے لئے زمین کھودی تو وہاں سے بہشتی خوشبو کی لپیٹیں آرہی تھیں۔

یہاں ہم تبرکاً حضرت جمال قطب ہانسویؒ کے دیوان سے چند اشعار نقل کرتے ہیں :-

عاشقاں را کہ خستۂ ہجر ند
رویت بے حجاب خواہد بود
بندگاں را زِحضرت مولے
لذتِ اقتراب خواہد بود

چند خواہی ہمیشہ نعمت وجاہ کاندریں خواستن درستی نیست
تندرستی طلب زِحق زیراک ہیچ نعمت ز تندرستی نیست

بے سوں تو ملک بادشاہی چہ کنم
بے وصل تو خسروی و شاہی چکنم
من می خواہم ترا بصد جاں یارب
لیکن تو مرا اگر نخواہی چہ کنم

بوبکرؓ کہ یار غار پیغامبر بود — صدیق لقب لغایتش درخور بود
در دوستئ رسولؐ از صدق بداد — چیزے کہ بدست اوز سیم و زر بود

جبرئیل چو از حضرت ایزد بشنود — بر خواجہؐ چنیں گفت کہ حق میفرمود
ما خوشنودیم اے ابوبکر ز تو — لیکن بر گو کہ تو زما ہستی خشنود

مثل علم بے عمل آنست
چوں درختے کہ بے ثمر باشد

نعمانؒ کہ طریق فقہ بیروں آورد
انصاف بدہ کہ خوب و موزوں آورد
قرآن احادیث چو دو جیحوں یافت
ایں جوئے رواں ازاں دو جیحوں آورد

کل علماء کہ قدوۂ خلقانند — در فقہ ہمہ متابع نعمانند
نعمانؒ ز بیان فقہ خوانے بنہاد — دیگر علماء ریزہ چین از خوان اند

من چشم نہادہ ام بسوئے در تو
یکبار مگر چہرہ نمائی اے دوست

Marfat.com

اصحاب نفوس را حرام است سماع   ارباب قلوب را حلال است سماع
آرندۂ فرحت وسرورست سماع   بخشندۂ روشنی و نورست سماع

از نوحہ نائے نالۂ زار شنو
وز زیر دمبش حدیث اسرار شنو

از نالۂ چنگ و نغمۂ تارش من
بس حمد وثنا زہر تار شنو

در وقت سماع دلکش وروح افزائے   آرندہ وجد، رقت وغم فرمائے
گہ دست ہمی زنم زیاد محبوب   گاہے بامید وصل می کوبم پائے

درویش توام ستادہ ام در کویت   از راہ کرم ببسوئے درویش نگر

درکار من خستہ نظر کن بکرم   کز یک نظرت جملہ برآید کارم

من خستہ جگر یک نظرت میخواہم   وین بخشش تو بیش درت بجوابم

من خاک کف پائے کسے ام کہ ادرا
درحضرت ایزد آبروئے باشد

Marfat.com

من منتظر بار تو ام دستم گیر
من شیفتۂ و وار توام دستم گیر

از غایت اشتیاق اندر شب و روز
خواہندۂ دیدار توام، دستم گیر

از پائے چو در فتادہ ام دستم گیر
دل عشق تیرا بدادہ ام دستم گیر

من سوختۂ فراق بربوئے وصال
سر بر در تو نہادہ ام دستم گیر

دل راز پئے فراق محزوں بینم
شیدا و سراسیمۂ و مجنوں بینم

بر جبیں کہ دادر وشنائی دادہ است
گفتی کہ ز آفتاب تاباں زادہ است

ناہید کزو نور فرو می ریزد
گوئی ز دہان مہ بروں افتادہ است

شب بسوئے چرخ رہے کرد نگاہ
بر روئے سپہر دید رخشاں شدہ ماہ

گوئی کہ میان دشت پیدا گشتہ است
یک چشمۂ آب و گرد او رستہ گیاہ

Marfat.com

خطّاط چو کلک در انامل آرد
وآں کہ خط نغز بر ورق بنگارد
ماند بہ یکے زلف معنبر کہ نگار
بر عارض کافور صنعت بگذارد

گیسوئے عروس شب درآویختہ اند
مہ را بہ شبے او برانگیختہ اند
از بہر لباس ماہ پیرایۂ شب
دیباہ کشیدہ اند و در ریختہ اند

برخیز کہ نوبت سحری بزنند
مرغان سحر نوائے تری بزنند
در کورۂ صبح زرگران گردوں
از بہر عروس روز زری بزنند

شب رفت و ستارہ ریخت اندر غم شب
مہ روئے سیاہ کرد در ماتم شب
افسوں گر صبح دم دم افسوں می خواند
تا مہرہ نہاد از دہن ازقم شب

Marfat.com

از صبح برانگیختہ اند آتش و آب
در شرق مگر ریختہ اند آتش و آب
بر روئے فلک چشمۂ خورشید نگر
گوئی کہ بیامیختہ اند آتش و آب

پر زغم تو است سینہ، این غم کجا گذارم؟
پرنم ز تست دیدہ، این نم کجا گذارم
در عرصۂ قیامت اندر دلِ حزینم
در غمِ تو شادی، این غم کجا گذارم
من خستہ را ہمیشہ اندر امانِ خلوت
اندوہ تست ہمدم، ہمدم کجا گذارم
درہم شدہ است جانم از غایت تحیّہ
پیشِ تو عرضہ کردم، درہم کجا گذارم
دارم بدام ماتم از فوتِ وصل و قربت
تا وصلِ تو نیابم، ماتم کجا گذارم
احمد بکوبیت آرم یک بار اگر بگوئے
مَن چو دور ابکوبیت دم، دم کجا گذارم

نیک باشد گر پذیرد جانِ ما جانانِ ما
خوش بود در خدمتِ جاناں مقامِ جان ما

گر نسیم لطفِ او بر بوستان ما وزد
خار بنود گل بود بر گل بن بستان ما

اندوہش در سینۂ ما ہست مہمان عزیز
کس ندارد در ہمہ آفاق چو مہمانِ ما

ہر دل ہمچوں دلِ ما خستگان بنو داز انکہ
داغ او دارد دل سرگشتۂ حیرانِ ما

دردِ ما چو از حبیب آمد بعین و شین و قاف
ہم از و باشد علاج و مرہم و درمانِ ما

کاروانِ وصل او باید کہ زاں یابد خلاص
از چہِ تاریک ہجراں یوسفِ کنعانِ ما

ماہمی خواہیم از وے نعمتِ قربش ولیک
او چو مستغنی است از مائی کند فرمانِ ما

تا لقائے دل کشائے او نہ بنید ناگہاں
چو نہ وا ماندز گریہ دیدہ گریانِ ما

گوید اندر جمع در ویشاں جمال از راہ شوق
ما بکلّی زانِ او، اوزانِ ما، اوزانِ ما

ہست دلِ حزیں من عشقِ ترا خزانۂ
ناوکِ اندوہ ترا سینۂ من نشانۂ

Marfat.com

مرغِ محبت ترا روحِ من ست آشیان
عقلِ من شکستہ دل مرغِ ترا ست دانہ

عشقِ ترا گزیدہ ام دردِ ترا خریدہ ام
زاں کہ چو تو نیافتم در دو جہاں یگانہ

کوئے تو مستقرِ من در شب و روز و سال و ماہ
نیست مرا چو کوئے تو مسکن و جائے خانہ

نعرہ زنم شوقِ تو نالہ کنم ز بہرِ تو
ذاکرِ نامت از گلو چو برکشد ترانہ

اشک دو دیدہ می چکد بر رُخِ من ز عشقِ تو
نارِ غمت ہمی زند در دلِ من زبانہ

تازہ شود حیاتِ من گر بتو بنگرم دمے
ہمچو حیاتِ تشنہ ز آب خوش شبانہ

از روئے تو در دلم ماند گذشت عمرِ من
دید کسے بسانِ من سوختہ در زمانہ

وصلِ تو چوں نیافتم از غمِ ہجر ہم کنوں
زار بمیرم و شوم من بجہاں فسانہ

بحکمِ صانع بیچوں خزاں رفت و بہار آمد
کدورت گشت ناپیدا طراوت در دیار آمد

اگر آید نگارِ من، منِ دل خستہ ہم گویم
نگار آمد، نگار آمد، نگار آمد، نگار آمد

Marfat.com

گلِ صد برگ چوں چہرہ نمود از پردۂ غنچہ
بہ باغ اندر سرایندہ، ہزار آمد، ہزار آمد

خمار از فرقِ گل ناگہ صبا بر بودہ در خندہ
بہ پیشِ بلبلِ عاشق ازاں گل نے خمار آمد

مگر آں ساغرِ لالہ مئے دادند نرگس را
دگر نہ از کجا نرگس تو با مستاں خمار آمد

ہمیشہ سوگوارم من، کہ دورم از حبیبِ خود
بنفشہ نیز ہمچو من بہ بستاں سوگوار آمد

چو مقری ہر زماں قمری میانِ سبزہ می نالد
بسانِ نالۂ عاشق نوا لیش زیر و زار آمد

ز دردِ فرقتِ دل بَر دلِ احمد دریں موسم
فگار آمد، فگار آمد، فگار آمد، فگار آمد

زیرک ولے کہ نامِ تو بر لوحِ جاں نوشت
ایامِ خود مبارک می جست زاں نوشت

چوں عین و غین راہ غمت دل نگار کرد
ایں ہر دو حرف بر ورقِ سر بجاں نوشت

آں را کہ کرد کاتب فضلت غنا بیتے
اسمش بمتن دفتر تو رائیگاں نوشت

Marfat.com

دالِ دہن نہ دید مضاعف بدالِ درد
آں کس کہ دالِ ذکر ترا بر زباں نوشت

مقبل کسے کہ بیم نمودش فراق تو
بس بہر او وصال تو خطِ اماں نوشت

تالافِ عشق تو نہ زند ہر مقلدے
عشق تو جاں بدادن بر عاشقاں نوشت

خواہم کہ تا کتاب نویسم ز عشق تو
فصل ز باغ عشق تو کے می تواں نوشت

مسکیں جمالؔ انچہ بہ الہام از تو یافت
بر صفحۂ صحیفۂ معنی ہماں نوشت

Marfat.com

تذکرہ خواجگان عالیہ سلسلۂ جمالیہ

مرتب: سردار علی احمد خان

خواجہ برہان الدین صوفی علیہ الرحمۃ (قطب دوم)

آپ حضرت قطب العالم غوث الاکرام مولانا جمال الدین احمدؒ خطیب ہانسوی کے فرزند تھے۔ آپ کی ولادت ۶۵۹ھ میں بمقام ہانسی ہوئی۔ آپ ابھی صغیر سن ہی تھے کہ بابا فرید الدین گنج شکر اجودھنیؒ نے آپ کو اپنی اور قطبِ اول یعنی حضرت جمال ہانسوی کی جانب سے خلافت عطا فرمائی۔ بموجب ارشاد باباصاحبؒ آپ نے حضرت نظام الدین اولیا محبوبِ الٰہی سے تعلیم ظاہری و باطنی حاصل کی آپ حضرت بوعلی شاہ قلندر پانی پتی کے حقیقی بھانجے ہیں

آپ کو تصوف میں کمال حاصل تھا۔ آپ عابد شب زندہ دار تھے اور نہایت ہی خلیق متواضع اور منکسر المزاج تھے۔ اللہ تعالےٰ نے جس طرح آپ کو جمیل صورت عطا فرمائی تھی اسی طرح حسن سیرت بھی عطا ہوا تھا۔ آپ کی شادی حضرت ناصر شہید بردالوی کی صاحبزادی سے ہوئی جو حضرت قطب جمال کے ماموں تھے۔ (سراج النسب)

Marfat.com

حضرت قطب جمالؒ کی وفات کے بعد حضرت بابا صاحب ہانسی تشریف لے گئے تو خواجہ برہان الدین کو ان کی خادمہ مسمات "مادر مومنین" گود میں اٹھائے بابا صاحب کی خدمت میں لے گئی۔ بابا صاحب نے انہیں بہت پیار کیا اور خلافت کے لئے نامزد کر دیا خادمہ نے عرض کیا کہ حضور یہ خورد سالا ہے، یعنی خواجہ برہان ابھی بچہ ہیں۔ اس پر بابا صاحب نے ارشاد فرمایا کہ پونو کا چاند بھی بالا ہوتا ہے اور پھر فرمایا کہ "برگ توت است کہ گشتہ است بتدریج اطلس" روایت ہے کہ خواجہ برہان الدین کے بعد بابا صاحب نے اور کسی کو خلافت نہیں دی۔

سیر الاولیاء میں لکھا ہے کہ :-

آپ بموجب فرمان بابا فریدالدینؒ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر مشائخ کبار کے اوصاف سے متصف ہوئے جب ان کی خدمت میں جاتے تو ہر مرتبہ غسل کر کے عطر لگا کر جاتے حضرت نظام الدین ان کی بڑی تواضع فرماتے تھے۔ آپ کے لئے چارپائی بچھواتے۔ لیکن خود چارپائی پر نہ سوتے۔ خواجہ برہان الدین نے تمام عمر کسی کو بیعت نہ کیا اور جو اس نیت سے آیا اس سے فرمایا محبوب الٰہی نظام الدین کی موجودگی میں مجھ سے مرید ہونے کی کیا ضرورت ہے جب یہ بات حضرت محبوب الٰہی تک پہنچی تو انہوں نے کہا کہ آپ لوگوں کو مرید کیوں نہیں کرتے۔ ہم اور آپ ایک ہی شیخ کے خلیفہ ہیں۔ آپ نے عرض کیا کہ آپ کی موجودگی میں میری کیا مجال ہے۔

Marfat.com

خواجہ برہان الدین کا لقب صوفی تھا۔ آپ بتاریخ ۴ ربیع الثانی ۷۹۹ھ چالیس سال کی عمر میں واصلِ حق ہو گئے۔ آپ کا مزار ہانسی میں احاطہ قطب جمال میں ہے۔

خواجہ قطب الدین منوّر (قطب سوئم)

آپ حضرت برہان الدین صوفی کے صاحبزادے تھے اور حضرت قطب جمال کے پوتے تھے آپ کی ولادت ۶۹۹ھ میں ہوئی۔ آپ معدنِ وفا اور کانِ صفا تھے۔ ظاہر و باطن محبت و عشق الٰہی سے آراستہ تھا۔ اور لذتِ عشق الٰہی میں لذت دنیا و عقبیٰ کو محو کئے ہوئے تھے۔ تمام عمر عبادت و ریاضت اور مجاہدۂ نفس میں گزار دی شہرت سے بیزار تھے۔ اہل دنیا کی جانب زیادہ التفات نہ رکھتے تھے۔ غیب سے جو کچھ مل جاتا اس پر قناعت کرتے۔ صدقِ دل سے جو کوئی شخص آپ کی زیارت کے لئے حاضر ہوتا عشق خداوندی سے دل معمور لے کر واپس جاتا۔ آپ حضرت نظام الدین اولیاء کے مرید تھے آپ کی بابت سیر الاولیاء میں اصل عبارت یوں مندرج ہے

" اول شیخ قطب الدین منور را طلب شد۔ سلطان المشائخ خلعتِ خلافت خود و جبّتے کہ آمدہ است فرمود و خلافت نامہ در نظر مبارک سلطان المشائخ بر دست مبارک او دادند فرمان شد کہ برود دوگانہ بگزارد، یاران مبارک باد کردند۔ دریں میان شیخ نصیر الدین را طلب شد ایشان را خلعتِ خلافت و جبّتے کہ باشد

Marfat.com

فرمود و خلافت نامہ بدستِ مبارک او دادند۔ شیخ نصیر الدین بخدمتِ سلطان المشائخ ایستادہ بود و شیخ قطب الدین منور را فرمود کہ شیخ نصیر الدین را مبارک بادِ خلافت بکن۔ شیخ قطب الدین منور ہمچنان کرد۔ ایں ہر دو بزرگ باز یافتن سعادت سرمدی و دولت ابدی از پیشِ تخت فرقد سائے۔ سلطان المشائخ بیرون آمدند شیخ نصیر الدین روئے مبارک بسوئے شیخ قطب الدین منور کرد و گفت "وصیتے کہ سلطان المشائخ شمارا کردہ است مارا بگوئید تا آنچہ مرا وصیت کردہ است۔ من ہم شمارا بگویم شیخ قطب الدین منور گفت کہ آنچہ سلطان المشائخ وصیت فرمودہ است سرّ نیست کہ بر بندگان خویش کشادہ است۔ ہم شما منصف باشید کہ سرّ پیر ہر کسے کے تواں کشاد، سرّ شما با شما و سِر ما با ما۔ شیخ نصیر الدین ازیں جواب دل کشا تحسین ہا کرد و انصاف ہا داد۔"

سلطان محمد تغلق بادشاہ دہلی نے چند گاؤں کی جاگیر کا فرمان آپ کی مدِ معاش کے لئے قاضی کمال الدین صدر جہاں کے ذریعہ بھیجا آپ نے جاگیر قبول نہ کی اور فرمایا کہ ہمارے بزرگوں نے دنیا قبول نہیں کی، ہم بھی قبول نہیں کرتے۔ قاضی صاحب نے اصرار کیا تو آپ نے کہا قاضی صاحب آپ بھی عجیب آدمی ہیں کہ ہمیں سلف صالحین کی اتباع سے روکتے ہیں۔ قاضی کمال الدین نے یہ بات بادشاہ کے گوش گزار کی اور کہا کہ قطب منوّر مردِ خدا ہے اسے اس کے حال پر رہنے دیں۔

Marfat.com

سلطان محمد تغلق کا ایک اور واقعہ ہے کہ ایک مرتبہ وہ ہانسی گیا سب لوگ اس کے دیدار کے لئے گئے لیکن قطب منور حاضر دربار نہ ہوئے۔ بادشاہ نے آپ کو طلب کیا۔ فرستادہ بندہ حسن سربرہنہ نے آپ کو ہمراہ چلنے کے لئے کہا تو آپ نے پوچھا کہ میرا چلنا میری خوشی پر منحصر ہے یا حکم شاہی کی مجبوری پر، جواب ملا کہ حکم شاہی پر۔ آپ نے فرمایا کہ الحمدللہ میں اپنی خوشی سے بادشاہ کے پاس نہیں جا رہا۔ اپنا مصلےٰ کاندھے پر ڈال کر عصا ہاتھ میں لیا اور پاپیادہ فرودگاہ بادشاہ کی طرف روانہ ہوئے۔ حسن سربرہنہ نے سواری کی پیش کش کی جسے آپ نے قبول نہ فرمایا۔ حضرت قطب جمال کی درگاہ راستہ میں پڑتی تھی وہاں حاضری دی اور فاتحہ پڑھی۔ نکلے تو ایک شخص نے چند روپے نذر پیش کی۔ آپ نے قبول فرمائے اور کہا کہ ہمارے گھر دے دو کہ وہاں آپ نے اہل خانہ کو بلا خرچ چھوڑا تھا۔ آپ کی آمد کی اطلاع بادشاہ کو دی گئی تو اس نے کہا کہ دہلی لاؤ وہاں ملیں گے۔ وہاں پہنچ کر طلبی ہوئی تو بادشاہ تعظیم نہ دینے کے خیال سے تیر اندازی میں مشغول ہو گیا۔ کچھ دیر بعد کھڑے کھڑے کہنے لگا کہ میں آپ کے شہر میں تھا آپ ملاقات کے لئے نہ آئے اور نہ ہی کوئی تربیت فرمائی آپ نے جواباً فرمایا کہ میں راعی اور رعایا کے لئے دعا کرتا رہتا ہوں کہ یہی فقیروں کا کام ہے مجھے ملاقات سے معذور رکھا جائے۔ بادشاہ نے فیروز شاہ کو حکم دیا کہ شیخ کی جو حاجت ہو پوری کی جائے۔ اس نے آپ سے دریافت کیا تو آپ نے فرمایا۔ بجز ذات الٰہی میرا اور کچھ مقصود نہیں۔ آپ اپنی تیاگاہ

Marfat.com

پر واپس تشریف لے گئے بادشاہ نے ملک اعظم کبیر سے کہا کہ میں نے بہت سے مشائخ سے مصافحہ کیا ہے ان کا ہاتھ میرے ہاتھ میں کانپ جاتا تھا لیکن اس شیخ کے رعب سے خود میرا دل کانپ گیا۔ پھر ایک لاکھ ٹکے بطور نذر خواجہ ضیاء الدین برنی (مشہور مورخ اور مرید محبوب الٰہی دہلوی) کے ہاتھ آپ کی خدمت میں بھیجے۔ آپ نے قبول نہ فرمائے۔ دوبارہ پچاس ہزار بھجوائے وہ بھی قبول نہ فرمائے اس پر خواجہ ضیاالدین برنی نے کہا کہ اب ہم بادشاہ کو کیا منہ دکھائیں گے۔ بڑی ردو کد کے بعد آپ نے دو ہزار قبول فرما کر کچھ رقم درگاہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی (واقع مہرولی دہلی) میں بھجوا دیئے اور کچھ ٹکے حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کے آستانہ پر اور ایک حصہ حضرت خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلی کی خدمت میں بھجوا دیا۔ جو تھوڑی رقم بچ گئی اسے آخری حبہ تک خیرات کر کے ہانسی کی راہ لی۔ آپ نے ۷۶۰ھ میں وفات پائی۔ اور ہانسی میں مدفون ہوئے۔

فیروز شاہ تغلق دہلی سے ٹھٹھہ (سندھ) کا قلعہ فتح کرنے روانہ ہوا تو اس کی معیت میں حضرت نصیر الدین محمود چراغ دہلی بھی تھے۔ قلعہ فتح ہو گیا اور لشکر آگے روانہ ہوا۔ جب سرسوتی کے مقام پر پہنچے تو حضرت چراغ دہلی نے فرمایا کہ یہاں تک میری حد تھی تمہارے لشکر کو امن وامان کے ساتھ پہنچا دیا۔ اب سرحد حضرت قطب الدین منور کی ہے۔ ان کی خدمت میں عریضہ بھیج دو

Marfat.com

چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور قطب منور نے جواب نامہ میں لکھا کہ جب میرے بھائی نصیر الدین محمود نے آپ کو میرے سپرد کیا ہے تو مجھے اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ تم دلی کے بادشاہ ہوگے (اس وقت فیروز شاہ تغلق عہدہ وزارت پر مامور تھا) بادشاہ بن جانے کے بعد وہ ہانسی گیا اور جمعہ کے روز قطب منور کی زیارت کے لئے درگاہ پہنچا۔ آپؒ نے بادشاہ کو سلام دعا کہنے کے بعد فرمایا کہ میں نماز جمعہ کے لئے جا رہا ہوں اور وقت تنگ ہے اس لیے تفصیلی ملاقات نہ ہو سکے گی۔ پھر فرمایا کہ میں نے سنا ہے کہ آپ شراب پیتے ہیں اس کا گناہ بادشاہ کے لئے زیادہ ہے۔ فیروز شاہ نے توبہ کی۔ پھر ارشاد ہوا یہ بھی سنا ہے کہ آپ کو جانور شکار کرنے کا از حد شوق ہے۔ آپ کے اس شوق میں مخلوق خدا کو تکلیف ہوتی ہے اور یہ صرف بقدر ضرورت جائز ہے۔ فیروز شاہ تغلق بادشاہ نے کہا کہ آپ دعا کیجئے آپ نے فرمایا کہ تم میری دعا کے منکر ہو۔ یہ کیوں نہیں کہا کہ میں نے توبہ کی۔ دیگر مناسب نصائح فرما کر حضرت موصوف نماز کے لئے تشریف لے گئے

(حوالہ اور تفصیل کے لئے ملاحظہ ہوں۔ کتاب سراج النسب۔ گلزار خلیل۔ کرشمۂ جمال شجرۂ جمالیہ اور جادۂ جمال

Marfat.com

خواجہ قطب نورالدین انور عرف نور جہاں مغل کُش

قطب چہارم

آپ خواجہ قطب الدین منور کے فرزندارجمند تھے۔ آپ کی ولادت ۷۲۵ھ میں ہوئی۔ آپ کے والد گرامی کا وصال ۷۶۰ھ میں ہوا۔ اس وقت آپ کی عمر ۳۵ سال تھی۔ یہی سال آپ کی خلافت ۳۹ سال زندہ رہے اور ۷۴ برس کی عمر میں ۶ محرم الحرام ۷۹۹ھ کو ہانسی میں وفات پائی آپ کا مرقد اپنے والد بزرگوار کے قرب میں ہے حسن وجمال میں آپ یوسف ثانی تھے اسی لئے لقب نورجہاں مشہور ہوا۔ آپ کا دوسرا خطاب یعنی مغل کش اس بناء پر معروف ہوا کہ آپ نے ہندوستان پر بار بار حملہ کرنے اور ظلم وغارت گری کا بازار گرم کرنے والے مغل لشکروں کا استیصال فرمایا اور آپ کے طفیل ہی عوام الناس کو امن وسکون میسر آیا۔ سلسلہ عالیہ چشتیہ جمالیہ میں آپ قطب چہارم مشہور ہیں۔

سلطان فیروز شاہ تغلق کو آپ سے عقیدت تھی جب اس نے حصار نامی شہر آباد کیا تو آپ کی ملاقات کے لئے ہانسی کا ورود کیا۔ آپ کی خدمت میں سامنے پہنچا تو آپ نے تعظیم دینا چاہی فیروز شاہ نے خدا کی قسم دے کر آپ کو تعظیم دینے سے روکا اور عرض کیا کہ اگر آپ حصار میں آباد ہو جائیں تو بڑا کرم ہو۔ خانقاہ تیار کرادوں گا۔ اور

Marfat.com

مصارف خانقاہ بھی مقرر کر دوں گا۔ قطب چہارم نے فرمایا کہ میری خوشی تو اسی میں ہے کہ ہانسی ہی میں ہماری اقامت رہے بادشاہ نے کہا بہت اچھا آپ یہیں تشریف رکھیں آپ کی دعا کی برکت سے انشاء اللہ فیروز شاہ تغلق کا لبایا ہوا شہر حصار آباد رہے گا

خواجہ مخدوم برہان الدین ثانیؒ

قطب چہارم حضرت قطب نور الدین انورؒ کے صاحبزادے تھے۔ آپ ۷۶۶ھ میں پیدا ہوئے۔ سترہ برس کے تھے کہ خلافت پائی آپ صاحب تسلیم ورضا اور صاحب الاقدام ومستقیم الاحوال تھے۔ تمام عمر اپنے والد محترم کی جگہ پر گزاری۔ آپ ۸۰۱ ہجری ماہ ربیع الاول میں داصل بالحق ہوئے۔ اس وقت آپ کی عمر چالیس سال تھی (سراج النسب)

حضرت محمد بہاؤ الدین سندھالویؒ

آپ کی پیدائش ۸۰۵ ہجری میں بمقام ہانسی میں ہوئی۔ پچیس برس کی عمر اپنے والد خواجہ برہان الدین ثانی سے خلافت پائی اکانوے (۹۱) سال کی عمر میں مؤرخہ ۸ صفر المظفر ۸۹۶ھ کو انتقال کیا۔ آپ کا مزار سندھالہ (مشرقی پنجاب) میں ہے۔ شجرہ جمالیہ)

حضرت خواجہ بایزید عرف شاہ ادھن جمالیؒ ابن حضرت محمد بہاؤالدین سندھالویؒ

Marfat.com

آپ ۸۸۰ھ میں پیدا ہوئے۔ سولہ برس کی عمر میں خلیفہ مقرر ہوئے ۵ ار ربیع الثانی ۹۴۹ھ کو ۶۹ سال عمر دنیا وی پاکر آپ انتقال فرما گئے۔ سرہند شریف (مشرقی پنجاب) میں دفن کئے گئے۔ کتاب سراج النسب میں لکھا ہے کہ سرہند کی خدمت آپ کو تفو یض ہونے پر جب آپ وہاں پہنچے تو ایک جھونپڑی اپنے قیام کے لئے بنا کر یاد الٰہی میں مشغول ہو گئے۔ ایک حجام سے خط بنوا رہے تھے کہ یکایک اسے روک کر جھونپڑی کے اندر چلے گئے۔ جب واپس آئے تو تمام بدن پانی سے تر تھا۔ حجام نے وجہ دریافت کی تو فرمایا کہ ایک محب معتقد کا جہاز گرداب میں پھنس گیا تھا اس نے یاد کیا تو میں اس کی مدد کو پہنچا۔ اللہ تعالےٰ کا شکر ہے کہ جہاز خطرے سے نکل گیا۔ حجام نے یہ تذکرہ جب آبادی میں آکر کیا تو لوگوں نے مذاق اڑایا لیکن ایک عرصہ بعد وہ سوداگر جس کا جہاز حادثہ سے دوچار ہونے لگا تھا سرہند پہنچا اور اس نے لوگوں کے پوچھنے پر تصدیق کی کہ جب اس کا جہاز تباہ ہونے لگا تو اس نے شاہ ادھنؒ کے واسطے سے دعا کی تھی اور یہ منت مانی کہ اگر جہاز بچ گیا تو اس کی شکل کا ایک مکان حضرت موصوف کو تعمیر کرا کر دوں گا اس کے بعد اہل سرہند کو آپ کے مرتبہ کا کچھ اندازہ ہوا۔ جہاز نما مکان آپ کے مزار کے سامنے ایک عرصہ تک قائم رہا۔

(سراج النسب)

مخدوم شاہ سراج الدین اولیاؒ

آپ حضرت شاہ بایزید کے ہاں ۹۰۵ھ میں تولد ہوئے

۲۰ سال کی عمر میں خلافت پائی - آپ بڑے کامل درویش تھے - ۸۴ برس کی عمر پاکر ۹۵۹ھ میں راہیٔ ملک بقا ہوئے (شجرہ حمابیہ)

حضرت علی شبیر دلیرؒ ابن مخدوم شاہ سراج الدین اولیاؒ

آپ نہایت ہی خلیق رحمدل اور سخی تھے۔ آپ دلیری اور شجاعت میں بھی یکتا تھے - یادالٰہی میں ہمیشہ مشغول رہتے تھے - اپنے والد بزرگوار کے سجادہ نشین تھے۔ ایک مرتبہ آپ دریائے جمنا کے کنارے چلّہ کر رہے تھے کہ مخالفت مذہبی کے باعث دشمنوں نے بحالتِ سجدہ شہید کردیا۔

سراج النسب میں لکھا ہے کہ کوئی ہندو آپ کی دو بیگھہ اراضی پر کاشتکار تھا. حضرت نے اس سے ایک روز دریافت کیا کاشت کاری کے علاوہ بھی اس کا کوئی اور ذریعۂ معاش ہے - اس نے عرض کیا کہ صرف یہی ہے اور افلاس اس قدر ہے کہ اپنی جوان بیٹی کی شادی بھی نہیں کر پا رہا - اس کی یہ بات سن کر حضرت نے دو سال کا محصول اسے معاف کردیا۔ تیسرے سال جب وہ بٹائی کی رقم لایا اور معافی نامہ کی دستاویز پیش کی تو اس میں میعاد درج ہونے سے رہ گئی تھی - دستاویز ملاحظہ کرنے کے بعد آپ نے فرمایا کہ اللہ کریم جب دوام کے لئے معاف کرے تو پھر علی شبیر کون ؟ جاؤ ہمیشہ کے لئے معاف کیا -

---

حضرت خواجہ عبدالشکورؒ بن حضرت علیؒ شیر دلیرؒ

آپ کا سن پیدائش ۹۴۴ھ ہے خورد سالی میں (بعمر ۱۵ سال) میں ہی اپنے والد کے جانشین و خلیفہ مقرر ہوئے خلافت ملنے کے بعد ۲۶ سال زندہ رہے اور ۴۱ سال کی عمر پاکر ۹۸۵ھ میں وفات پائی۔ موصوف شریعت کے نہایت پابند تھے۔ اور اپنے زمانے کے فاضل اجل تھے۔ (سراج النسب)

حضرت شاہ محمد عبداللہؒ ابن حضرت عبدالشکورؒ

حضرت خواجہ محمد عبداللہ کا سنِ ولادت ۹۶۳ھ اور سال وفات ۱۰۰۵ھ ہے۔ آپ کا مدفن سندھالہ (ضلع کرنال - ہریانہ) میں ہے موصوف کو بھی سجادگی صغر سنی میں ملی اس وقت آپ کی عمر سولہ برس تھی۔ مدت خلافت ۲۶ سال شمار کی جاتی ہے۔ آپ اپنے آبائی طریقہ میں کامل و اکمل تھے۔ اور بیشتر وقت یاد الٰہی میں گزارتے تھے۔ (سراج النسب)

خواجہ شاہ عطاء اللہؒ ابن شاہ محمد عبداللہؒ

آپ کی ولادت ۹۸۴ھ میں ہوئی ۲۵ برس کے تھے کہ خلافت سلسلہ جالیہ عنایت ہوئی آپ کا وصال ۱۰۴۸ھ میں ہوا (سراج النسب)

حضرت خواجہ شاہ محمد فضیلؒ بن حضرت شاہ عطاء اللہؒ

آپ کی ولادت ۱۰۲۵ھ میں ہوئی آپ کو سلسلہ عالیہ جالیہ

Marfat.com

کی خلافت ۲۲ برس کی عمر میں ملی ۴۵ سال کی عمر میں عین عالم جوانی میں ۹ ذی قعدہ ۱۰۰۰ھ کو واصل حق ہو گئے آپ کی وصیت کے مطابق آپ کو حضرت سید محمود شاہ ولایت کرنال کے احاطہ مزار میں دفن کیا گیا۔ حضرت شاہ محمد فضیلؒ بہت حسین و جمیل تھے۔ ایک نوجوان خوبرو عورت آپ پر فریفتہ ہو گئی اور موقع پاکر تنہائی میں آپ کے پاس چلی آئی۔ آپ نے آنے کا سبب پوچھا تو جواب دیا کہ میں خود نہیں آئی ہوں بلکہ آپ کی محبت مجھے لائی ہے۔ دریافت فرمایا کہ کیا کوئی تجھ پر فریفتہ ہے۔ وہ عرض گزار ہوئی کہ "بہت سے"۔ شاہ فضیل نے فرمایا کہ تو ان کی طرف کیوں متوجہ نہ ہوئی تو کہنے لگی کہ وہ میرے قابل نہ تھے۔ اس پر آپ نے ارشاد فرمایا کہ اسی طرح میں بھی اللہ کے حسن و جمال پر فریفتہ ہوں میرا دل کسی اور کی طرف رجوع نہیں کر سکتا۔ اب میری اور تیری کیسے بنے گی؟ بہتر ہے کہ جس کا میں طالب ہوں اسی کی تو بھی طالب ہو جا۔ تو پھر میرا اور تیرا ساتھ ابدی ہو جائے گا۔ اس کلام کا اس پر ایسا اثر ہوا کہ تارک الدنیا ہو گئی اور یاد الٰہی میں فنا ہو گئی۔ (سراج النسب)

حضرت مخدوم قاضی شاہ غلام محمدؒ بن خواجہ شاہ محمد فضیلؒ

آپ صدق و صفا اور تقویٰ و طہارت میں کامل تھے۔ خلق خدا کی رہبری اور ہدایت میں عمر بھر کوشاں رہے۔ بادشاہ، حکام اور امرائے سلطنت آپ کی بڑی تکریم و تعظیم کیا کرتے تھے۔ آپ سرساوہ کے قاضی

Marfat.com

بھی تھے غربا اور مساکین کے لئے آپ کا لنگر ہمیشہ جاری رہتا۔ آپ کا
سن ولادت ۱۰۵۲ھ ہے اور سن وفات ۱۰۹۶ھ (رمضان المبارک)
ہے۔ سرساوہ میں مدفون ہیں آپ ۱۸ برس کی عمر میں خلیفہ مقرر ہوئے
اور بعد خلافت ۲۶ سال حیات رہے (سرساوہ تحصیل نکوڑ سہانپور
یو۔پی میں ہے) "سراج النسب"

حضرت شاہ نظام الدین ثانیؒ بن مخدوم قاضی شاہ غلام محمدؒ

آپ ۱۰۷۶ھ میں تولد ہوئے ۲۰ برس کی عمر میں اپنے والد کے خلیفہ
و جانشین مقرر ہوئے ۹۰ سال کی عمر پاکر مورخہ ۴ ربیع الاول ۱۱۶۶ھ کو
انتقال فرمایا۔ مزار سرسادہ میں ہے۔ سراج النسب میں لکھا ہے کہ
حضرت موصوف صاحبِ معرفت کاملہ اور انوار ربانی میں مستغرق
تھے۔ نیز آپ اپنے آباؤ اجداد کے قدم بقدم سنت نبوی
کے سختی سے پابند تھے۔

حضرت شاہ محمد اویسؒ بن شاہ محمد نظام الدین ثانیؒ

آپ کی ولادت ۱۱۴۰ھ میں ہوئی ۲۶ برس کے تھے کہ خلافت عطا ہوئی
اور اس کے بعد ۴۶ برس ہدایت خلق فرماکر ۶ رجادی الاول ۱۲۰۴ھ
کو بمقام جنید (مشرقی پنجاب) وفات پائی اور وہیں ابدی محو خواب
ہیں آپ کو سماع سے رغبت کم تھی زیادہ تر ریاضت و مجاہدہ
نفس میں مشغول رہتے تھے۔ آپ نہایت شفقت و محبت

Marfat.com

سے گفتگو کیا کرتے تھے۔ لیکن آپ کے رعب کا یہ عالم تھا کہ حاضرین اکثر لرزہ براندام ہو جایا کرتے تھے۔

حضرت شاہ محمد رمضان مجذوب سالک ؒ

آپ حضرت شاہ محمد ادریس ؒ کے فرزند تھے۔ آپ کی پیدائش ۱۲۰۵ھ میں ہوئی، عمر شریف ۲۵ سال تھی کہ خلافت سے سرفراز ہوئے اور ۱۱ برس ہدایتِ خلق میں رہنے کے بعد ۳۶ سال کی عمر میں واصل بالحق ہوئے۔ آپ جھجر (ہریانہ) میں فوت ہوئے اور حسب الوصیت حضرت قطب جمال ہانسوی کی خانقاہ میں سپردِ خاک کئے گئے۔ آپ کی وفات بزم سماع میں ہوئی۔ تاریخ وصال ۷ رصفر ۱۲۴۱ھ ہے اور اس مصرعہ سے سن وفات برآمد ہوتا ہے۔

"آہ درحالتِ فنا فی اللہ شد"

۱۲۴۱ھ

آپ نہایت خوب صورت وجیہہ مرد تھے چہرہ مبارک بارعب تھا۔ اکثر و بیشتر زبان سے حق حق کا نعرہ بلند کیا کرتے تھے۔ منہ سے کئی بار جھاگ نکلتی اور آپ پر ایک مخصوص حالت جذب طاری ہو جایا کرتی تھی۔ آپ اللہ کی محبت میں اس قدر فنا تھے کہ ہر شے کی آواز پر آپ کو وجد ہو جاتا تھا۔ ایک بار کسی شخص نے صراحی سے پانی انڈیلا تو فرمانے لگے یہ آواز "حق حق" بول رہی ہے۔ یہ کہہ کر آپ پر حالتِ وجد طاری ہو گئی۔ جو ایک رات اور پورا دن جاری

Marfat.com

رہی۔ آپ کو سماع کا خاص ذوق تھا مگر اس کے محتاج نہ تھے۔ چڑیوں کی چوں چوں اور دولاب (کنوئیں کا چاک) کی آواز بھی آپ کے لئے وجد آفریں تھی۔

ستمبر ۱۹۴۷ء کے فرقہ وارانہ فسادات سے قبل مزار موجود تھا اس کی لوح پر یہ اشعار کندہ تھے۔

خانقاہ محمد رمضانؒ ۔۔۔ کز نژادِ جمال جدّم بود
کرد تعمیر او چو دھومن شاہ ۔۔۔ در فیضش بروئے خلق کشود
بازشاہ حبیب فرزندش ۔۔۔ کرد تعمیر او فراخ نمود
پس بہ سالِ ہزار و سہ صد چہار ۔۔۔ کردمش چوں فراخ و زیب آمود

جستم از حق خلیل سال بناش
ہذا الکعبۃ الاصل فرمود

۱۳۰۴ھ

Marfat.com

شہرِ جمال

ہانسی کا مختصر تاریخی تذکرہ

تحریر:۔ سردار علی احمد

ہانسی بھارت کے صوبہ ہریانہ پرانت کا ایک تاریخی شہر ہے اس کا جغرافیائی محل وقوع ۲۹ درجہ شمال اور ۷۵ درجہ مشرق پر ہے شہر حصار سے اس کا فاصلہ تقریباً پندرہ میل ہے ہانسی برصغیر پاک و ہند کی قدیم ترین بستیوں میں سے ایک ہے۔ یہ شہر کشان راجپوتوں کے عہد حکمرانی میں بڑی اہمیت کا حامل تھا یہاں بعد میں بھٹی راجپوتوں اور چوہان خاندان کے راجاؤں نے بھی فرمانروائی کی۔ یہ شہر کئی بار اجڑا اور پھر آباد ہوا۔ یہاں آخری راجپوت حاکم راجہ اننگ پال تھا۔ جس کا پایۂ تخت دہلی تھا۔ کرنل ٹاڈ کے بیان کے مطابق شہر آسی عرف ہانسی کی جاگیر بمعہ ملحقہ علاقہ جات راجہ اننگ پال نے اپنے بیٹے لبال دیو چوہان کو ۱۰۲۱ء میں تفویض کی۔ یہ وہ دور تھا کہ جب شمال سے مسلمان مجاہدین کے لشکر ہندوستان پر برابر حملے کر رہے تھے۔ سلطان محمود غزنوی کا فرزند شہزادہ مسعود غزنوی ۱۰۳۶ء میں ہانسی پر حملہ آور ہوا اور اس نے راجہ لبال دیو کو شکست دے کر یہاں کے قلعہ پر قبضہ

کر لیا۔ فتح ہانسی کے بعد مسعود تو غزنی لوٹ گیا۔ لیکن اس کے انتظام کے لئے اس نے اپنے ایک ہمکیران کو حاکم مقرر کر دیا لیکن کچھ عرصہ کے بعد ہریانہ کے راجپوتوں نے بغاوت کی اور حکومتِ غزنی کے مقرر کردہ حاکم کو یہاں سے بھگا دیا اور دوبارہ ہانسی پر اپنی عملداری قائم کر لی۔

مشہور مورخ ابوالقاسم فرشتہ نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ ۱۰۴۳ء میں دہلی کے چوہان مہاراجہ نے ہانسی کو فتح کر کے اسے اپنی قلمرو میں شامل کر لیا۔ ہانسی کی فوجی اہمیت کے پیشِ نظر پرتھوی راج چوہان نے یہاں کی قلعہ بندیوں کو مزید مضبوط کیا۔ اور دیگر دفاعی انتظامات بھی افغان حملوں کا سدباب کئے جانے کی غرض سے کئے پایانِ کار ہانسی ایک بڑی فوجی چھاؤنی بن گیا۔ غزنوی خاندان کے بعد سلطان محمد غوری نے علمِ جہاد بلند کیا۔ اور ہندوستان سے ہندو راج کے خاتمہ کی ٹھانی۔ سلطان مذکور نے ۱۱۹۲ء میں ہانسی کو فتح کیا اور اسے ہریانہ کا انتظامی صدر مقام بنا دیا۔ اسلامی سلطنت قائم ہو جانے پر تبلیغ اسلام کے لئے راہ مزید ہموار اور ماحول سازگار ہوتا چلا گیا۔ چنانچہ ہانسی اسلامی علوم و فنون کا گہوارہ اور تبلیغ دین کا ایک اہم مرکز بن گیا۔ ہانسی کی مردم خیز سرزمین سے بڑے بڑے جید عالم فقہا، حفاظ اور صوفیائے کرام اٹھے کہ جنہوں نے اپنے فکر و عمل سے دکھی انسانیت اور غریب عوام کی بلاتخصیص مذہب و ملت ہمہ طور خدمت سرانجام دی۔ صوفیائے کرام نے بالعموم اور سلسلہ عالیہ

Marfat.com

چشتیہ کے بزرگوں نے بالخصوص اشاعت اسلام کا فریضہ غیر معمولی ولولے اور والہانہ استقلال و انہماک سے ادا کیا۔ حضرت بابا فرید الدین گنج شکر اجودھنیؒ کے خلیفۂ باوقار حضرت قطب جمال الدین احمد اور ان کے بعد آپ کے تین جانشین اقطاب نے نہایت منظم اور منضبط پروگرام کے ذریعہ ہریانہ کے ہزاروں راجپوتوں کو مشرف بہ اسلام کیا۔ بادشاہوں اور حکومتوں کی تبدیلی کے نتیجہ میں رونما ہونے والے یوں تو کئی ایک انقلاب چشم ہانسی نے دیکھے۔ لیکن ۱۷۸۳ء میں ہونے والے خوف ناک قحط نے ہانسی کو اجاڑ کر ویران کر دیا۔ سوائے چند منتعلقین درگاہ شہر کی تمام آبادی نقل مکانی کر گئی۔ اس طرح سولہ برس اجاڑ اور ویران رہنے کے بعد ۱۷۹۸ء میں شہر کی دوبارہ آبادکاری شروع ہوئی۔ ایک برطانوی نژاد فوجی طالع آزما جارج ٹامس نے قلعہ ہانسی میں پڑاو کیا اور اپنی پلٹنوں کے ذریعہ علاقہ جات ہریانہ میں مار دھاڑ اور لوٹ مار کے ساتھ ساتھ اپنا قبضہ جمانا شروع کیا یہ دور طائف الملوکی کا تھا۔ مرہٹے۔ سکھ اور انگریز اپنی اپنی عملداری قائم کرنے میں لگے ہوئے تھے۔ جنگیں روزمرہ کا معمول بن چکی تھیں اور عوام اس صورتِ حال سے بے حد پریشان تھے۔ ہانسی پر مرہٹہ سردار سندھیا ۱۸۰۰ء میں قابض ہو گیا۔ لیکن ۱۸۰۳ء میں جنرل لوئیس نے مرہٹوں کو شکست دیکر یہاں سے نکال باہر کیا اور یہاں ایک فوجی چھاونی قائم کی شہر اور مضافات کے انتظام کے لئے نواب مرزا عظیم بیگ مقرر ہوئے اور ان کے بعد عہدہ نظامت

Marfat.com

مرزا الیاس بیگ کے سپرد ہوا۔ ہانسی میں پھر سے لوگ آ آ کر بسنے لگے اور پھر سے چہل پہل شروع ہو گئی۔ مئی ۱۸۵۷ء میں انگریزی راج کا جوا اتار پھینکنے کے لئے جو تحریک چلی اس میں ہانسی کے مسلمانوں نے بھی بھرپور حصہ لیا۔ لیکن بدقسمتی سے یہ تحریک ناکام ہوئی اور انگریز حاکموں نے ظلم کا بازار گرم کر دیا۔ سینکڑوں لوگوں کو تختۂ دار پر چڑھا دیا گیا۔ اور ہزاروں لوگ قتل ہوئے سکھ سپاہیوں نے مسلمانوں کو بطور خاص لوٹ کر قلاش کر دیا۔ ایک سال سے زائد ہانسی میں دار و رسن کا سلسلہ جاری رہا۔ اور ۱۸۵۹ء میں جا کر کہیں حالات پُرسکون ہوئے ہانسی کے عروق مردہ میں خون زندگی دوڑا تو یہاں فکر ملّی کے سرچشمے بھی پھر سے پھوٹ نکلے۔ اور یہ شہر ایک اہم علمی اور دینی مرکز بن گیا۔ مسلمانان ہانسی میں ملّی تشخص کے احیاء کی تحریک اور جہاد آزادی کا جو جذبہ پیدا ہوا اس کا رابطہ دہلی سے قائم تھا۔ جب مجاہدین آزادی نے ۱۸۵۷ء میں برطانوی استعمار کو للکارا اور جنگِ آزادی شروع ہوئی تو ہانسی کے مسلم راجپوت قبائل اس میں پیش پیش تھے۔ انگریزی افواج کے مقابلہ میں ہانسی کے مجاہدین نے بڑی بے جگری سے کئی لڑائیاں لڑیں اور داد شجاعت دی۔ دسمبر ۱۸۵۷ء سے ۱۸۵۹ء تک ہانسی اور اس کے متصلہ علاقوں پر انگریزوں نے بڑے مظالم کئے۔ ۱۸۶۰ء میں جب مکمل امن و سکون ہوا تو یہاں کی آبادی نے سکھ کا سانس لیا۔ اہالیان ہانسی نے تحریک خلافت۔ ترک اموال۔ تحریک آزادی اور حصولِ پاکستان

کی جدوجہد میں بھرپور حصہ لیا۔

آج سے ستّر برس پہلے کا ہانسی

قاضی سید شریف حسین اپنی تالیف تذکرۂ ہانسی میں یوں رقمطراز ہیں۔

۱۹۱۱ء کی مردم شماری کے مطابق ہانسی کی آبادی سولہ ہزار ہے۔ پیرزادوں کے خاندانوں کے علاوہ یہاں دوسری اقوام میں مغل، راجپوت شیخ۔ سید۔ پٹھان قانون گو مہاجن برہمن گوجر جاٹ اور مالی خاصی تعداد میں بستے ہیں ان کے علاوہ بیوپاری، باربردار جلاہے چمار کمہار، دھوبی تیلی اور لوہار بھی ہیں۔ کرنل سی بی سکنر کا خاندان بھی یہاں رہائش رکھتا ہے۔

ضلع حصار کا یہ قصبہ نہر جمن غربی کے کنارے دہلی سے شمال مغرب کی طرف واقع ہے اور نصف دائرہ کی شکل میں شل ہلال آباد ہے اور اس کی فصیل مضبوط ہے اور عہد مغلیہ کے دور کی یادگار ہے مکانات زیادہ تر پختہ بنے ہوئے ہیں بہت سی دو منزلہ اور تین منزلہ اونچی حویلیاں بھی تعمیر شدہ ہیں۔ شہر کی سڑکیں پختہ ہیں گلی کوچوں میں اینٹوں کا فرش ہے۔ شہر سے پانی کی نکاسی کے لئے بدررویں اور نالیاں بنی ہوئی ہیں۔ ہانسی شہر کے چاروں طرف "تالاب باغات اور چھوٹی نہریں جاری ہیں ریلوے سٹیشن کا آبادی سے قریبًا دو میل کے فاصلہ پر ہے۔ پختہ سڑک کے دونوں جانب سایہ دار درخت لگے ہوتے ہیں۔ تھانہ تحصیل کی عمارات کے علاوہ

Marfat.com

ڈاک بنگلہ اور ایلیٹ ٹینس کلب کی عمارتیں قابل ذکر ہیں۔ رابرٹ سکنز اور کیپٹن اسٹینلے کی کوٹھیاں جدید طرز کی ہیں۔ روئی کے بھی دو بڑے کارخانے ہیں

تقسیم ہندوستان کے بعد درگاہِ جمال کے حالات

۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو برصغیر، بھارت اور پاکستان کی دو خود مختار مملکتوں میں تقسیم ہو گیا۔ اٹاری سے دہلی تک ہندو فرقہ پرستوں اور سکھوں نے مقامی انتظامیہ کی اعانت سے مسلمانوں کا قتل عام شروع کر دیا ہانسی اور اس کے مضافات میں نہتے مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلی گئی ہزاروں نوجوانوں بچوں اور بوڑھوں کو تہہ تیغ کیا گیا اور ان گنت مسلم خواتین کو اغوا کیا گیا۔ جو لوگ اس قیامتِ صغریٰ کے ہنگاموں سے بچ گئے انہیں پاکستان دھکیل دیا گیا۔ مسلمانوں کی متروکہ سکنی و دیگر جائیدادوں پر غیر مسلم قابض ہو گئے۔ حضرت قطب جمال کی درگاہ میں پناہ گزین مسلمانوں کو نہایت بے دردی سے شہید کیا گیا۔ تقسیم ہند کے وقت ہانسی میں حضرت قطب جمال ہانسوی کی اولاد میں سے پندرہ خاندان آباد تھے۔ درگاہ شریف کے متولی اور منتظم دیوان انوارالاسلام تھے (جو آج کل تحصیل پاک پتن میں آباد ہیں) ہانسی سے صرف ان کا کنبہ صحیح سلامت پاکستان پہنچا۔ جب کہ دوسرے چودہ خاندان احاطۂ درگاہ میں ہی شہید ہو گئے۔ ان میں سے ایک گھرانہ جناب جسٹس عبدالشکور السلام حال جج ہائی کورٹ لاہور کا تھا

Marfat.com

ان کے افراد خانہ میں ان کے بڑے بھائی جناب پیرزادہ عبدالسلام اور دو کم عمر بچیاں بی بی ملکہ بیگم اور بی بی بلقیس بیگم اور ننھا حاتم علی کفار کی تیغ ستم سے بچ کر وارد پاکستان ہوئے۔ باقی سب راہِ حق میں شہید ہوئے۔ ہانسی جب مسلمانوں سے یکسر خالی ہو گیا اور دیوان درگاہ بھی یہاں سے ہجرت کر گئے تو مغربی پنجاب سے وارد غیر مسلم شرنارتھیوں نے درگاہ اور اس کی ملحقہ عمارات پر قبضہ کر کے سکونت اختیار کر لی۔ احاطہ کی سب قبروں کو مسمار کر ڈالا اور ان کے کتبے اکھاڑ پھینکے مسجد جمالی کو بھی کافی نقصان پہنچایا۔ البتہ حضرت قطب جمال کی قبر شریف ان وحشیوں کی دست برد سے محفوظ رہی۔ روایت ہے کہ ایک گستاخ سکھ مزار کے گنبد پر چڑھ گیا اور طلائی کلس کو اتارنے لگا تو دھڑام سے نیچے آ رہا۔ اور مر گیا اس واقعہ کے بعد پھر کسی کو ایسی گستاخی کی جرأت نہ ہوئی جب حالات کچھ بہتر ہوئے تو سلسلہ جمالیہ کے حلقہ بگوشوں نے درگاہ شریف کی واگزاری کے لئے قانونی چارہ جوئی کی پایاں کار ۱۹۵۹ء میں واگزاری کے احکامات صادر ہوئے درگاہ شریف پر کئی ایک غیر مستحق دنیاداروں نے اپنا تصرف جمالیا اس صورتحال کی اصلاح کے لئے پھر سے قانونی چارہ جوئی کی گئی اور اس کارِ خیر میں جے پور کے متعلقینِ سلسلہ نے دل کھول کر مالی و دیگر اعانت کی۔ سعئ ظاہری میں خواجہ مبارک علی جمالی جے پوری پیش پیش رہے۔ درگاہ کی سجادگی کا دیوانی کا مقدمہ مورخہ ۲ فروری ۱۹۶۰ء کو شاہ محمد ولی الرحمٰن جمالی کے حق میں فیصلہ ہو گیا۔ اور انہوں نے

۱۹۶۱ء میں حضرت قطب جمال الدین احمد ہانسویؒ کا عرس شاندار
طریقہ سے منعقد کیا۔ موصوف نے درگاہ شریف کی مرمت اور آرائش
کا کام بڑی محنت اور جذبے سے شروع کیا لیکن انہیں ۱۲ر جون ۱۹۶۱ء
کو پیغام اجل آ گیا۔ ان کے جانشین شاہ محمد قطب العالم نے بقیہ کام
سرانجام دیا۔ آج کل سجادگی انہی کے خانوادہ میں ہے۔ ۱۲ر شعبان کو ہر
سال حضرت قطب جمال کا عرس منایا جاتا ہے جس میں ہزاروں مسلمان
زائرین کے علاوہ ایک بڑی تعداد میں غیر مسلم بھی شریک ہوتے ہیں۔

تذکرہ ہانسی مطبوعہ مطبع گلشن ابراہیمی امین آباد لکھنؤ (جون ۱۹۱۵ء)
تالیف قاضی سید شریف حسین فاطمی شہر ہانسی میں لکھا ہے کہ مہاراجہ
پرتھوی راج چوہان کی بیٹی نے شہر ہانسی کو آباد کیا اور بستی کا نام "ہنسی"
رکھا۔ جو بعد میں بگڑ کر ہانسی ہو گیا۔ یہ راجکماری تبدیلئ آب و ہوا
کے لئے اس علاقہ میں کچھ عرصہ مقیم رہی تھی۔ اسی کتاب میں ایک دوسری
روایت یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ جب پرتھوی راج عرف رائے پتھورا
نے یہاں قلعہ کی بنیاد رکھنا چاہی تو پنڈتوں نے اسے مشورہ دیا کہ جب
تک کہ دیوتا کی بھینٹ کسی انسان کو نہیں کر دیا جاتا تو قلعہ تعمیر نہ ہو سکے گا
اور نحوست اس پر سایہ فگن رہے گی۔ ایک شخص آسا جاٹ
نے زر زمین کے لالچ میں خود کو قربانی کے لئے پیش کر دیا۔ جسے
دیوار میں زندہ چنوا دیا گیا۔ اور بستی کو اسی جانثار کے نام سے
موسوم کیا گیا۔ چنانچہ صدیوں پرانی ایک لوک کہاوت ہریانہ کے جاٹوں
میں مشہور ہے کہ "آسی آسا جاٹ کی اور گڑھ پتھورا رائے"

Marfat.com

یعنی ہانسی آسا جاٹ کی ہے اور قلعہ رائے پتھورا کا۔ مذکورہ روایت کے مطابق ہانسی کی بستی ۱۱۹۲ء کے لگ بھگ معرض وجود میں آئی تھی
ہانسی کی اولین آبادکاری کے بارے میں ایک تیسری روایت یہ ہے کہ پال خاندان کے راجہ ہنس پریم نے (جو راجہ دیو پال کا بھائی تھا) اس شہر کو ۹۱۷ء مطابق ۳۲۵ھ میں آباد کیا اور اسے ہنس پور کا نام دیا۔

اسی طرح کی ایک اور روایت یہ بھی ہے کہ راجہ اننگ پال ہانسی کا پہلا بانی ہے اس نے یہ شہر اپنے پوجیہ گرد سہاکر کی یاد میں ۵۷۷ھ میں تعمیر کرایا راجہ موصوف کو اس عبادت گزار تارک الدنیا سے کمال عقیدت تھی اور اس کی سمادھی تیار کرانے کے بعد یہاں لوگوں کو آباد ہونے کی ترغیب دی۔ چنانچہ چند سالوں میں "ہنس نگری" بستی بس گئی اور یہی بعد ہانسی کے نام سے مشہور ہو گئی۔

ان سب روایتوں کے برعکس "آئین اکبری" میں ہانسی کے حوالے سے یہ تذکرہ ملتا ہے کہ مہارانا اجے پال چکرورتی کے خانوادہ کا ایک راجہ نانک رائے تھا (جس کی اولاد عہد اکبر اعظم میں ریاست بوندی۔ راجستھان میں حکمران تھی) اس نے شہر ہانسی بسایا تھا اور ایک قلعہ تعمیر کیا تھا۔ راجہ نانک رائے کے عہد حکومت میں اول، اول مسلمانوں کے قدموں نے سرزمین راجپوتانہ کو چھوا تھا۔

ان روایتوں کی حقیقت کچھ بھی ہو لیکن یہ بات ثابت ہے کہ ہانسی ایک قدیم تاریخی شہر ہے۔

قدیم دروازے۔ اس بستی کے قدیم پانچ دروازے ہیں

Marfat.com

جن کے نام یہ ہیں: بڑسی دروازہ امرہ دروازہ قطب دروازہ گنائیں دروازہ اور دہلی دروازہ

چھٹی کھڑکی (موری دروازہ کی ایک شکل) کھڑکی بھٹی کے نام سے مشہور ہے۔ ان دروازوں میں سب سے اعلیٰ قدیم ترین اور تاریخی حیثیت کا حامل بڑسی دروازہ ہے جو عہد سلطان علاؤالدین خلجی میں ۷۰۳ھ میں تعمیر ہوا تھا۔ اس دروازہ پر یہ کتبہ کندہ ہے۔

بعہدِ مملکت بادشاہ روئے زمین — خدائیگان سلطان شہ علاؤالدین
ابوالمظفر شاہ جہاں محمد شاہ — کہ باد مملکتش جاوداں بروئے زمین
یگان خسرو گیہاں سکندر ثانی — رسید صیت معادلش تا با علیین
بسمت حضرت دہلی کہ ست دارالملک — بامر خسرد ددراں شدہ حصار حصین
بنا نمود شد بے نظیر دروازہ — گزار تقاع بہ کیواں کند ہمیں تمکیں
بنا نہادہ بروز دہم ربیع آخر — بسال ہفت صد وسہ شدہ عمارت این
۷۰۳ھ

یہ دروازہ نہایت خوشنما اور خوش وضع ہے اور بے مثل و بے نظیر ہے اس دروازے کے سامنے ایک چوپڑ کا بازار ہے جو فراخ اور خوب صورت ہے یہاں صبح وشام خریداروں کی ریل پیل رہتی ہے اس بازار کے وسط میں ایک بڑی عمدہ سبیل بنی ہوئی ہے جو حصار ضلع کے انگریز ڈپٹی کمشنر مسٹر ٹولنسنڈ کی خوشنودی کے لئے ایک رئیس شہر نے اپنے صرفہ سے بنوائی تھی

قلعہ ہانسی کے آثار

اب اس کے کھنڈرات ہی دیکھے جا سکتے ہیں۔ اس کی سائیٹ

Marfat.com

قصبہ کے شمال مشرقی کونہ پر ہے۔ قلعہ کی فصیل پختہ چونے سے بنی ہوئی تھی اور جابجا خوبصورت برج تعمیر کئے گئے تھے۔ قلعہ کے چاروں اطراف گہری خندق کے آثار موجود ہیں۔ قلعہ کے بلند و بالا دروازوں پر پتھروں سے تراشیدہ خوفناک دیو بنا کر کھڑے کئے گئے تھے ان بتوں میں دو ٹکڑوں کو حضرت میر نعمت اللہ شاہ ولی کے مجاوروں نے اپنی رہائشی مکان میں اینٹ پتھر کی بجائے چن لیا تھا وہ اب تک موجود ہیں۔ کئی لوگ انہیں دیکھنے جاتے ہیں۔ قلعہ کی بعض دیواروں پر دیوی دیوتاؤں، پریوں۔ جانوروں اور پرندوں کی تصاویر کے نقوش اب مٹ چکے ہیں صرف ایک دیوار پر اہل ہنود کے بعض دیوتاؤں کی چند شبہیں دکھائی دیتی ہیں قلعہ کے اندر دو تین پرانے کنوئیں تھے وہ بند کر دیئے گئے ہیں۔

درگاہ حضرت میر نعمت اللہ ولی شہید

یہ پرانوار مزار قلعہ کے شمال مشرقی کونے پر ہے اس خانقاہ کی ابتدائی عمارت سلطان ارسلان اور سلطان بہرام شاہان غزنی نے ۵۹۲ھ میں تعمیر کرائی تھی جو مرور ایام سے معدوم ہوگئی اب معمولی مکان ہے اور اصلی قدیم عمارت کی یادگار اور نشان ہے۔ آپ کا عرس شوال کے مہینے میں یکم اور دو تاریخ کو ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ دونوں تاریخیں آپ کی شہادت و تجہیز و تکفین کی ہے۔ ہر سال جیٹھ بکرمی سمت کی دوسری جمعرات کو درگاہ شریف پر بڑا بھاری میلہ ہوتا ہے۔

میلہ میں دکانداری کرنے والے قاضیٔ شہر کو نذر دیتے ہیں جس کو قاضی کی چنگی کہتے ہیں۔ ان کے خیال میں ایسا کرنے سے سودے میں نفع ہوتا ہے۔

مسجد قاضی

یہ درگاہ میر نعمت اللہ شہیدؒ کے دروازے کے بالکل سامنے موجود ہے یہ ایک چھوٹی سی مسجد نہایت خوب صورت اور موتی مسجد کے نمونے پر بنائی گئی ہے اس مسجد کی تعمیر قاضی حسن رضا نے کرائی تھی۔ مسجد میں بہت سے کتبات لگے ہوئے ہیں، ایک پر یہ عبارت کندہ ہے

بصدقِ دل نمودہ شیخ منعم بنائے مسجد از روئے تحقیق
چو جستم سال تاریخ بنائش خرد گفتہ کہ بیت اللہ تحقیق

بعض معروف شہدا کی قبور

قدیم قلعہ ہانسی کے وسیع احاطہ میں بہت سے اکابرِ اسلام مدفون ہیں چند ایک کے نام یہ ہیں۔ خواجہ حسام الدین سالار شہید (مدفن میدان میں ہے جہاں اب تعزیئے دفن کئے جاتے ہیں) خواجہ عثمان کمیدان اور شاماتا قاضی (قیام سرتالاب کے کنارے ان دونوں کی قبور ہیں) غازی سلطان محمد شہید (زیر قلعہ مزار ہے)

گنج شہیدان و چہل حافظ

گنج شہیدان میں وہ ہزاروں شہداء محو خواب ہیں۔ جو سلطان

Marfat.com

شہاب الدین محمد غوری کے ساتھ ہانسی کے علاقہ پر ۱۱۹۳ء میں حملہ آور ہوئے تھے چہل حافظ میں لشکر اسلام میں شامل چالیس حفاظ شہداء کی مجموعی قبر ہے جو احاطہ میں واقع ہے۔ ۱۹۶۹ء تک یہ جگہ محفوظ و موجود تھی اور غالباً اب بھی ہے۔

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہٗ

منظوم شجرہ سلسلہ عالیہ چشتیہ جمالیہ

یا الٰہی یا الٰہ العالمین — جز ترے فریاد رس کوئی نہیں
بہر ذاتِ اقدس حضرت رسولؐ — تو نے بخشا ہے جنہیں تاجِ قبول
واسطے حضرت علی مرتضیٰؓ — نور تیرا جلوہ گر ہو اے خدا
بہر شاہ دیں حسن بصریؒ مقام — بہر عبدالواحدؒ نورِ انام
اور فضیل شاہؒ اکرم کے لئے — شاہ ابراہیم ادہمؒ کے لئے
اور حذیفہؒ شاہ دیں کے واسطے — بو ہبیرہؒ بالیقین کے واسطے
حضرت ممشاد دشامیؒ کے لئے — خواجہ بو اسحٰقؒ نامی کے لئے
خواجہ بو احمدؒ شہ دیں کے لئے — بو محمد شاہؒ تمکین کے لئے
بہر بو یوسفؒ شہنشاہ انام — بہر شہ مودود چشتیؒ نیک نام
بہر شہ حاجی شریفؒ زندنی — بہر شہ عثمانؒ خواجہ ہرونی
شہ معین الدین حسنؒ کے واسطے — مجھ کو کارِ خیر کی توفیق دے
خواجہ قطب الدین کاکیؒ کے لئے — زنگ عصیاں کا مرے دل سے مٹے
شہ فرید الدینؒ بابا کے لئے — تیرے قربِ خاص کی دولت ملے
واسطے قطبِ جمال الدینؒ کے — اپنا شیدائی بنا یارب مجھے

Marfat.com

جن کی نعمت کے امین باصفا
ہیں نظام الدینؒ نظام اولیاءؒ

شاہ قطب الدینؒ منور کے لئے
قطب نور الدینؒ انور کے لئے

واسطے برہانِ دینؒ بن نورِ دینؒ
کر عطا یارب مجھے حق الیقیں

شہ بہاء الدینؒ سندھالی کے لئے
میری آنکھوں میں ترا جلوہ رہے

بایزیدؒ شاہ ادھنؒ کے لئے
پردۂ دوری مرے دل سے ہٹے

واسطے شاہ سراج الدینؒ کے
مجھ کو دکھلا جلوے اپنی ذات کے

از پئے حضرت علیؒ شبیر دلیر
دشتِ عرفاں کا بنا دے مجھ کو شبیر

پھر شاہِ حضرت عبد الشکورؒ
اپنے مظہر کا بنا مجھ کو ظہور

واسطہ ہے شاہ عبد اللہؒ کے
داغ عصیاں دور کر دل سے مرے

واسطے حضرت عطاء اللہؒ کے
کر عطا نعمت حقیقت کی مجھے

شہ فضیلؒ باصفا کے واسطے
ساغرِ وحدت پلا یارب مجھے

جو محمدؐ کے غلام باوفا ہیں
کر دے ان کے واسطے مجھ پر عطا

شہ نظام الدینؒ کی خاطر اے خدا
لذتِ دیدار کا ساغر پلا

پھر شہ قطب اویسؒ نامدار
فقر کی دولت سے کر دے کامگار

خسروِ دیں شاہ رمضانؒ کے لئے
مست کر دے بادۂ توحید سے

شاہ ڈھومنؒ قطبِ دوراں کیلئے
ان کا فیضِ قلب ہو حاصل مجھے

اور حبیب خاص رحمٰن کے لئے
سب بزرگوں کی محبت دے مجھے

دل نہ ہو میرا کبھی اندوہ گیں
کھول دے مجھ پر درِ حق الیقیں

اپنی ذاتِ خاص کا شیدا بنا
اور صفات پاک کا جلوہ دکھا

بادۂ وحدت سے مجھ کو مست کر
اور دوئی کے وسوسہ کو پست کر

Marfat.com

اپنے ذوق وشوق سے مخمور کر　　نور سے اپنے مجھے معمور کر
میرے تن میں میری جاں میں نور دے　　میرے دل میری زباں میں نور دے
اپنی راہِ عشق میں مجھ کو چلا　　اور جمالِ خاص کا شیدا بنا

دین و دنیا کے بنیں سب میرے کام
اور مرادیں میری بر آئیں تمام

آمین

(منقول از تنویر طریقت)

انتساب

والدِ مرحوم کے نام

نو آگہی کہ مرا از غروبِ ایں خورشید

چہ گنج ہائے سعادت زیانِ جان آمد

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحیم
قل هو الله احد الله الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن له کفوا احد
١٣٩١

Marfat.com

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

جمال الدین احمد ہانسوی الخطیب

نام ولقب :- اسم گرامی جمال الدین احمد تھا اور لقب[1] خطیب۔ مگر بعض تذکروں میں قطب بھی لکھا ہے۔ چنانچہ مفتی غلام سرور لاہوری تحریر کرتے ہیں

"خطیب و قطب خطاب داشت[2]"

اور مرزا آفتاب بیگ سہسرامی نے بھی یہی لکھا ہے :

"خطیب اور قطب خطاب آپ کا تھا[3]"

موصوف کا جو مطبوعہ دیوان ہمارے پیش نظر ہے اس کے سرورق پر بھی یہی لکھا ہوا ہے :-

"دیوان جمال الدین احمد قطب ہانسوی[4]"

مگر خود حضرت جمال الدین احمد نے "خطیب" ہی لقب اختیار کیا ہے۔ دیوان مذکور میں کئی جگہ لائے ہیں۔ مثلاً یہ شعر ملاحظہ ہو :-

اے احمدِ خطیب جمالش نگر ز شوق ۔۔۔ تا کے کنی نگہ ز ہوس در جمال عید؟

---

[1] (الف) محمد قاسم ہندو شاہ استرابادی : "تاریخ فرشتہ"، مطبوعہ مطبع معمورہ بمبئی ۱۸۳۲ء، ۱۲۳۰ھ ص ۷۳۰ مقالہ دوازدہم

(ب) شیخ عبدالحق محدث دہلوی : اخبار الاخیار بحوالہ اردو ترجمہ اخبار الاخیار مطبوعہ مسلم پریس۔ دہلی ۱۳۲۸ھ ص۔ ۱۰۰۔ از سید یسین علی صاحب

[2] غلام سرور لاہوری : خزینۃ الاصفیا۔ مطبوعہ ہوپ پریس۔ لاہور ۱۲۸۴ھ

[3] مرزا آفتاب بیگ، تحفۃ الابرار مطبوعہ مطبع رضوی۔ دہلی ۱۳۲۳ھ۔ ص۔ ۴۴

[4] جمال الدین احمد ہانسوی : دیوان غزلیات و رباعیات۔ مطبوعہ مطبع چشمۂ فیض۔ دہلی ۱۸۸۹ء

Marfat.com

اسی طرح ایک قطعہ میں لائے ہیں ملاحظہ ہو :۔ (ج ۔ ا ص ۲۹۶)

از حدّ شرع مگذر اے احمد خطیب
راہ مراد سپر اے احمد خطیب
آں چیز ہا کہ کردی و ایں ہا کہ می کنی
بکشائے چشم و بنگر اے احمد خطیب
عمرت گذشت از چہل ہر روزہ یک گناہ
بنشیں و جملہ بشمر اے احمد خطیب (ص ۳۰۲، ج ۔ ۲)

تخلص آپ نے جمالؔ اور احمدؔ دونوں تخلص اختیار کئے ہیں ۔ چنانچہ آپ کے دونوں دواوین میں یہ تخلص آتے ہیں مثلاً دیوان غزلیات کا یہ شعر ملاحظہ ہو

روزے نوید ہی فرمان کا اے احمد سرگرداں
بار است ترا برمن ہر گاہ کہ می آئی» (ص ۲۹۵)

دوسرا شعر ملاحظہ کریں

منم احمد نزار و زار گشتہ ز ہجرت ایں چنینم ایں چنینم

اور یہ دو شعر ملاحظہ ہوں جن میں جمال تخلص اختیار کیا ہے ۔

آوازِ جمال خستہ بشنو کز آرزو دیت بیارب آمد (ص ۲۹۶)
جمالِ خستہ می گوید چو بینم ایں چنیں وقتے ہمیں آواز بر دارم زہے دولت زہے دولت
(ص ۔ ۲۹۷)

بہر کیف جمال الدین احمد ہانسوی نے جمالؔ اور احمدؔ دونوں تخلص اختیار کئے ہیں یہ متعین کرنا ذرا مشکل ہے کہ کس مدت تک جمال تخلص اختیار کیا اور کب سے احمدؔ تخلص اپنایا ہے ۔ دیوان میں مقدم و موخر دونوں تخلص نظر آتے ہیں ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک ہی زمانے میں دونوں تخلص اختیار کرتے تھے ۔

نسب حضرت جمال الدین احمد ہانسویؒ کا سلسلۂ نسب حضرت امام اعظم ابو حنیفہ[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملتا ہے۔ مختلف تذکرہ نگاروں نے اس کا ذکر کیا ہے مثلاً شیخ ابوالفضل بن مبارک ناگوری لکھتے ہیں

---

[1] آپ کا اسم گرامی نعمان تھا۔ ابو حنیفہ کنیت اور امام اعظم لقب تھا ۸۰ھ میں کوفہ میں تولد ہوئے اس زمانے میں عبدالملک بن مروان (متوفی ۸۶ھ) تخت خلافت پر متمکن تھا۔ یہ وہ مبارک عہد تھا جس میں چند صحابہ بھی تھے۔ مثلاً انس بن مالکؓ (متوفی ۹۳ھ) سہل بن سعدؓ (متوفی ۹۱ھ) وغیرہ۔

امام اعظمؒ کے بچپن کا دور بڑا پُر آشوب تھا۔ حجاج بن یوسف (متوفی ۹۵ھ) گورنر عراق نے ایک شورش برپا کر رکھی تھی۔ ہر طرف سراسیمگی کا عالم تھا۔ اس کی وفات کے بعد ۹۶ھ میں عبدالملک کا جانشین ولید اوّل بھی انتقال کر گیا۔ اس کے بعد سلیمان بن عبدالملک (متوفی ۹۹ھ) تخت خلافت پر متمکن ہوا۔ ان کی وفات کے بعد حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ تخت خلافت پر جلوہ افروز ہوئے اور حالات اعتدال پر آئے۔

اسی زمانہ میں امام شعبی رضی اللہ عنہ (متوفی ۱۰۴ھ یا ۱۰۶ھ) کی تحریک پر حضرت امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے کوفہ شہر کے مشہور استاد حضرت امام حماد رضی اللہ عنہ (متوفی ۱۲۰ھ) سے شرف تلمذ حاصل کیا۔ فن فقہ کی تکمیل انہیں سے کی مگر فن حدیث میں اوروں سے بھی استفادہ کیا۔ چنانچہ تہذیب التہذیب، تہذیب الاسماء، تذکرہ الحفاظ وغیرہ میں امام اعظم کے شیوخ حدیث کا ذکر ہے۔ امام حماد رضی اللہ عنہ نے ۱۲۰ھ میں انتقال فرمایا۔ موسیٰ بن کثیر ان کے جانشین ہوئے۔ مگر تھوڑے ہی عرصہ بعد اہل کوفہ نے متفقہ طور پر موصوف کا جانشین بنا دیا۔ سلسلۂ درس و تدریس جاری ہوا اور اطراف و اکناف عالم سے لوگ مستفید ہوئے۔

۱۲۵ھ میں یزید دوم کے جانشین ہشام بن عبدالملک نے وفات پائی ان کے بعد

Marfat.com

"از نژاد ابو حنیفہ کوفی است"[1]

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

"سلسلہ نسب آپ کا حضرت امام اعظم کوفی رحمۃ اللہ علیہ سے ملتا ہے"[2]

مفتی غلام سرور لاہوری تحریر کرتے ہیں

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ :- ولید دوم، یزید سوم اور ابراہیم بن ولید یکے بعد دیگرے تخت نشین ہوئے۔ اس زمانہ میں ابو مسلم خراسانی نے ملک میں سازشوں کا جال پھیلا رکھا تھا اور کوفہ اس کا خاص مرکز تھا ان حالات کے پیش نظر گورنر کوفہ یزید بن عمرو بن ہبیرہ نے عراق کے تمام فقہا کو اپنے قبضہ میں لیا اور اعلیٰ عہدوں پر فائز کیا۔ حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھی افسر خزانہ کا عہدہ پیش کیا مگر آپ نے قبول کرنے سے انکار کر دیا اس پر گورنر غضبناک ہو گیا اور اس نے حکم دیا کہ روزانہ دس درے لگائے جائیں اس پر بھی امام صاحب اپنے مقام پر جمے رہے بالآخر آپ کو رہا کر دیا گیا۔ آپ مکہ معظمہ تشریف لے گئے اور ۱۳۶ھ تک وہیں قیام فرمایا

۱۳۲ھ میں سلطنت اسلامیہ نے پہلو بدلا۔ بنو امیہ کا خاتمہ ہوا اور آل عباس برسر اقتدار آئے۔ اس خاندان کا پہلا حکمران ابو العباس سفاح (متوفی ۱۳۶ھ) اس کے بعد ابو جعفر منصور، اس کا بھائی جانشین ہوا۔ اس نے سادات پر بڑے ظلم کئے۔ مجبور ہو کر محمد نفس ذکیہ (متوفی ۱۴۵ھ) نے علم بغاوت بلند کیا۔ مگر وہ مارے گئے۔ ان کے بعد ان کے بھائی ابراہیم نے ان کا علم سنبھالا۔ امام اعظم نے چار ہزار درہم سے ان کی مدد کی۔ یہ بھی شکست کھا گئے۔ امام صاحب کی تائید کی وجہ سے خلیفہ وقت منصور کی آپ پر نظر تھی۔ چنانچہ اس نے دربار میں طلب کیا۔ آپ حاضر ہوئے اس نے بہانہ تراشنے کے لئے آپ کے سامنے عہدہ قضا پیش کیا۔ آپ نے انکار فرمایا اس پر اس نے آپ کو قید کر دیا۔ یہ ۱۴۶ھ کا واقعہ ہے امام اعظم رضی اللہ عنہ نے قید خانہ میں بھی سلسلہ درس و تدریس جاری رکھا۔ امام محمد رضی اللہ عنہ نے قید خانہ ہی میں آپ سے پڑھا تھا۔ منصور کو یہ ہر دلعزیزی ناگوار ہوئی اس نے زہر دلوا دیا

Marfat.com

"و نسب شریف وے بچند واسطہ بہ ابو حنیفہ امام اعظم کوفی رضی اللہ عنہ می رسد"[۳]
مولانا رحمان علی صاحب تحریر فرماتے ہیں
"انتساب او بہ امام اعظم ابوحنیفہ کوفی است"[۴]
ڈاکٹر زبید احمد صاحب لکھتے ہیں

The author was a descendant of the Imam Abu Hanifa and a great sufi in his age[۵]

حضرت جمال الدین احمدؒ نے خود اپنے دیوان میں حضرت امام اعظم ابو حنیفہؓ کی منقبت لکھی ہے۔

بیعت وارادت حضرت جمال الدین احمد ہانسویؒ سلسلہ چشتیہ میں شیخ فریدالدین گنج شکرؒ (متوفی ۶۶۸ھ) سے بیعت تھے۔ چنانچہ شیخ ابوالفضل بن مبارک ناگوری لکھتے ہیں

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ:۔ جب آپ نے اس کا اثر محسوس کیا تو سر بسجود ہو گئے اور اسی حالت میں جان۔ جان آفریں کے سپرد کر دی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون
(ماخوذ از "سیرۃ نعمان" مولفہ شبلی ۱۸۹۳ء) (ص۔ ۱۳ تا ۳۹)

[۱] ابوالفضل بن مبارک ناگوری: آئین اکبری مطبوعہ بپٹسٹ مشن پریس۔ کلکتہ ۱۸۷۷ء ج۔ ۲، ص۔ ۲۱۹

[۲] سید لیسین علی: ترجمہ اخبار الاخیار۔ مسلم پریس۔ دہلی ۱۳۲۸ھ ص ۱۰۰

[۳] مفتی غلام سرور لاہوری: خزینۃ الاصفیا مطبوعہ ہوپ پریس لاہور۔ ۱۲۸۳ھ

[۴] رحمان علی: تذکرہ علمائے ہند۔ مطبوعہ مطبع منشی نولکشور۔ لکھنؤ۔ ۱۳۳۲ھ ۱۹۱۴ء ص ۲۴

[۵] Dr. M. G. Zubaid Ahmed, The contribution of India to Arabic Literature Published at Dikshit Press, Allahabad 1945 A.D. P-82.

Marfat.com

"بہ خطاب وفنونی پرداختے، ازاں باز داشتہ از شیخ فرید گنج شکر ارادت برگرفت"[1]

حضرت جمال الدین احمد دیوانِ غزلیات میں خود تحریر کرتے ہیں

نصیحت می کنی اے یار دینی	شنو تاکم نہ گردد وایں زیادت
برد در خدمتِ شیخ المشائخ	فریدالحق ولدین با ارادت
چو احمد شو مرید او ولیکن	نگہ می دار آدابِ عبادت[2]

(ج-۱، ص-۸۰)

ایک اور جگہ کہتے ہیں :-

پیرم فریدِ دیں من احمد مریدِ او	زاں می وہد بدستم فتراک پیرمن[3]

(ج-۱، ص-۱۰۳)

محبتِ شیخ حضرت جمال الدین احمد ہانسویؒ کو اپنے مرشد سے بے انتہا محبت تھی اس کا اظہار انہوں نے قصیدہ میں بھی کیا ہے اور رباعیوں میں بھی۔ چند رباعیاں ملاحظہ ہوں

در بحرِ یقیں دُرِ ثمیں پیرِ من است	بر خاتم معرفت نگیں پیرِ من است
بے شک من بے توشہ بمنزل برسم	چوں شیخ جہاں فریدِ دیں پیرِ من است

در مذہب عاشقاں فرید دیں است	در مجمعِ طالباں مزید دیں است
من نیز کنوں سالک و طالب گردم	چوں پیرِ من خستہ فریدالدین است

دانند دید دین پذیرفت مرا	جویاں مزید دیں پذیرفت مرا

[1] شیخ ابوالفضل بن مبارک ناگوری: آئین اکبری۔ ج-۲، ص-۲۱۹ مطبوعہ بیپٹسٹ مشن پریس۔ کلکتہ ۱۸۷۷ء

[2] جمال الدین احمد ہانسوی: دیوانِ غزلیات۔ ص-۸۰ر۱۰۳۔ مطبوعہ چشمۂ فیض دہلی ۱۸۸۹ء

[3] جمال الدین احمد ہانسوی: دیوانِ رباعیات۔ ص-۲۴ مطبوعہ مطبع چشمۂ فیض دہلی ۱۸۸۹ء

Marfat.com

من گرچہ بدم لیک کنوں نیک شدم چوں شیخ فرید دین پذیرفت مرا

(ج - ۲، ص - ۲۰۴)

یہی عشق و محبت تھا جو کشاں کشاں آپ کو کئی بار ہانسی سے پاک پتن (اجودھن) لے گیا۔ چنانچہ امیر حسن علا سنجری نے ملفوظات حضرت خواجہ نظام الدین اولیا "فوائد الفوائد" میں اس کا ذکر یوں کیا ہے۔

دو شنبہ دہم ماہ ذی الحجہ سنتہ المذکور (۷۰۹ھ)

سعادت پائے بوس میسر شد۔ سخن دراں افتاد کہ مریداں کہ زیارت پیر خواہند کرد وہر یکے بعد از چندگاہ برود۔ بر لفظ مبارک راند کہ سہ کرت بخدمت شیخ الاسلام فرید الحق والشرع والدین قدس سرہ العزیز رفتہ ام۔ ہر سال یکبار بعد ازاں کہ نقل فرمودہ ہفت بار دیگر رفتہ شدہ است یا شش بار۔ اما اغلب گمان آن ست کہ ہفت بار رفتہ شدہ است چناں کہ در خاطر ہمیں مقرر است کہ در حیات و ممات دہ بار رفتہ شدہ است بعد ازاں فرمود کہ شیخ جمال الدین ہفت بار رفتہ بود از ہانسی[1]

محمد بن احمد بدایونی نے "راحت القلوب" کے نام سے خواجگانِ چشت کے جو ملفوظات جمع کئے اس میں حضرت شیخ فرید الدینؒ کے ذکر میں شیخ جمال الدین ہانسویؒ کی حاضری کا جا بجا ذکر ہے۔ مثلاً مندرجہ ذیل مجالس میں ملاحظ فرمائیں

مجلس دوم، روز دو شنبہ، تاریخ ۱۶ ماہ رجب ۶۵۵ھ ہجری

دولتِ قدم بوسی حاصل ہوئی۔ شیخ بدر الدین غزنوی اور شیخ جمال الدین ہانسوی... حاضرِ خدمت تھے

مجلس سوم روز چہار شنبہ، ۲۰ ماہ رجب المرجب ۶۵۵ھ

دولتِ قدم بوسی حاصل ہوئی، شیخ برہان الدین غزنوی، شیخ جمال الدین ہانسوی... حاضر خدمت تھے

---

[1] امیر حسن علا سنجری المعروف بہ حسن دہلوی! فوائد الفوائد شریف (ملفوظات سلطان المشائخ محبوب الٰہی محمد نظام الدین اولیا دہلوی) مطبوعہ مطبع منشی نولکشور لکھنؤ ۱۳۲۶ھ۔ ص۔ ۱۴۱۔

Marfat.com

مجلس پنجم، روز پنجشنبہ، بتاریخ ۱۰ر شعبان المعظم ۶۵۵ھ

"دولت قدم بوسی حاصل ہوئی، شیخ جمال الدین ہانسوی، حضرت شیخ الاسلام کی خدمت میں حاضر تھے۔"

مجلس دہم، بتاریخ پنجم شوال المکرم ۶۵۵ھ ہجری

"سعادت قدم بوسی حاصل ہوئی، شیخ جمال الدین ہانسوی۔۔۔۔ حاضر خدمت تھے"

مجلس پانزدہم تاریخ بارہویں ماہ ذیقعدہ ۶۵۵ھ ہجری

"دولت قدم بوسی میسر ہوئی، مولانا بدرالدین غزنوی اور شیخ جمال الدین ہانسوی اور بہت سے بزرگ مجلس شریف میں حاضر تھے۔"

مجلس بست ویکم، بتاریخ نہم ماہ مذکور (ذی الحجہ ۶۵۵ھ)

"دولتِ قدم بوسی میسر ہوئی۔ شمس دبیر، شیخ جمال الدین ہانسوی، شیخ بدرالدین غزنوی اور بہت سے اصفیاء حاضر خدمت مبارک تھے[۱]"

حضرت جمال الدین احمد محبتِ شیخ میں اتنے وارفتہ تھے کہ بیعت سے پہلے فتویٰ نویسی اور اس کے علاوہ جو دوسرے مشاغل تھے سب کو ترک کر دیا تھا حتیٰ کہ کھانا تک چھوڑ دیا تھا شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں

"ایک روز ایک شخص ہانسی سے حضرت شیخ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے فرمایا "میرا جمال کیسا ہے؟" عرض کیا "مخدوم جس روز سے حضور کے مرید ہوئے ہیں، کل اسباب اور مواضع، وشغلِ کتابت کو بالکلیہ ترک کیا ہے اور سخت فاقہ اور بلائیں کھینچتے ہیں" اس کلام سے حضرت شیخ فریدالدین بہت خوش ہوئے اور فرمایا "الحمدللہ بہت خوش رہتے ہیں[۲]"

۱؎ محمد بن احمد بدایونی بخاری ثم الدہلوی: راحت القلوب۔ ترجمہ اردو گنج چہارم موسومہ بہ "معدن الیواقیت والجواہر" یعنی مجموعہ ملفوظات خواجگان چشت قدس اسرار ہم مترجمہ غلام احمد بریاں۔ مطبوعہ مسلم پریس جھجر۔ ۱۳۱۴ھ ص ۲۲۲

۲؎ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ۔ اخبار الاخیار۔ مترجمہ سید الثقلین علی صاحب۔

خلافت: یہی محبت اور عشق تھا جس کی وجہ سے آپ حضرت باباصاحبؒ کے منظورِ نظر تھے۔ چنانچہ حضرت باباصاحبؒ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے بعد دہلی جاکر واپسی میں جب ہانسی آئے تو اس وقت حضرت جمال الدین احمد کو خلافت سے نوازا، حضرت شیخ جمال دہلوی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں

"مسموع است کہ حضرت شیخ المشائخ جمال الدین ہانسوی درہماں ایام بہ تشریف خرقہ متبرکہ ایشاں مشرف شدہ بود کہ حضرت شیخ الاسلام فریدالدین قدس سرہٗ از شہر دہلی بعد از وفات پیر خویش قطب الملۃ والدین بخطۂ ہانسی مراجعت نمودہ بود"[1]

حضرت جمال الدین ہانسوی، شیخ فریدالدین شکر گنج کے اَجلّہ خلفا میں سے تھے تمام تذکرہ نگاروں نے اس کا اعتراف کیا ہے۔ چنانچہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں

"حضرت شیخ فریدالدین گنج شکر کے بڑے خلیفہ اور جامع کمالات ظاہری و باطنی ہیں"[2]

مفتی غلام سرور لاہوری تحریر کرتے ہیں:۔

"از اعاظم خلفائے شیخ فریدالدین گنج شکر است"[3]

مولانا رحمان علی تحریر فرماتے ہیں

"از اعاظم خلفائے شیخ فریدالدین گنج شکر قدس سرہما جامع کمالاتِ ظاہر و باطن بود"[4]

---

[1] مولانا جمالی دہلوی: سیر العارفین۔ مطبوعہ مطبع رضوی۔ دہلی۔ ۱۳۱۱ھ۔ ص۔ ۳۳۔

[2] سید یٰسین علی صاحب: ترجمہ اردو اخبار الاخیار، مطبوعہ مسلم پریس، دہلی۔ ۱۳۲۸ھ۔ ص۔ ۱۰۰۔

[3] مفتی غلام سرور لاہوری: خزینۃ الاصفیاء مطبوعہ ثمر ہند پریس، لاہور۔ ۱۲۸۳ھ

[4] رحمان علی: تذکرہ علمائے ہند۔ مطبوعہ مطبع منشی نولکشور، لکھنؤ ۱۳۳۲ھ / ۱۹۱۴ء ص۔ ۴۲۔

Marfat.com

سید قربان علی لبسمل لکھتے ہیں :-

"آپ خلفاءِ عظام و منظورِ نظر حضرت بابا صاحبؒ قدس سرہٗ کے تھے"[1]

مرزا عبدالستار بیگ سہسرامی لکھتے ہیں :-

"آپ کے خلفائے عظام بے حد و حساب ہیں لیکن اعاظم خلفاء حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیاء اور حضرت خواجہ علاؤ الدین صابر اور حضرت شیخ جمال الدین ہانسوی ..... ہیں"[2]

ڈاکٹر زبید احمد نے بھی لکھا ہے

The great grand desci[ple of] Mu'inal Din chishti who is held to be the king of all the Indian saints[3]

محمد نواب مرزا بیگ دہلوی نے لکھا ہے

" آپ مرید و خلیفہ اعظم حضرت گنج شکر کے تھے "[4]

مولا بخش نے "تذکرۃ المشائخ" میں جہاں حضرت بابا صاحب کے خلفاء کے نام گنائے ہیں وہاں لکھا ہے

" آپ کے پانچ خلیفہ ہیں اوّل قطب جمال الدین ہانسویؒ"[5]

---

[1] سید قربان علی لبسمل :- "دہشت بہشت" معروف بہ سوانحعمری خواجگانِ چشت" مطبوعہ رحمانی پریس ۔ دہلی ۱۹۲۶ء ص

[2] مرزا آفتاب بیگ سہسرامی : مسالک السالکین فی تذکرۃ الواصلین ص

[3] Dr. M. G. Zubaid Ahmed: The Contribution of India to Arabic Literature Published at Dikshit Press Allahbad 1945 A.D. P—82

[4] مرزا آفتاب بیگ عرف محمد نواب مرزا بیگ دہلوی : تحفۃ الابرار ۔ مطبع رضوی دہلی ۱۳۲۳ھ ص ۴۴ ص

[5] مولا بخش : تذکرۃ المشائخ ۔ ص ۔ ۸۰ ص

Marfat.com

نظرِ شیخ : حضرت جمال الدین احمدؒ کو شیخ فرید الدین گنج شکرؒ سے جتنا عشق تھا اتنا ہی حضرت باباصاحب کو بھی آپ سے انسیت اور محبت تھی چنانچہ جب شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی علیہ الرحمۃ[1] (متوفی ۶۶۱ھ) نے حضرت باباصاحب سے شیخ جمال الدین احمد کو اپنے ہاں بلانے کی بار بار درخواست کی تو حضرت باباصاحب نے یہی فرمایا

"جمال الدین، جمالِ ما است"

اور باوجود مکرر التجا کے آپ کو نہ بھیجا[2]

حضرت باباصاحبؒ کے خلفاء میں حضرت جمال الدین احمد ہی کو یہ بلند مقام حاصل تھا کہ جس کسی مرید خاص کو باباصاحبؒ خلافت نامہ عطا فرماتے تھے تو اس سے یہ کہہ دیا کرتے کہ اس پر جمال الدین احمد سے مہر تصدیق ثبت کرالو۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ فرماتے ہیں:-

"بارہ برس تک حضرت شیخ فریدالدین (گنج شکر) ان کی محبت سے ہانسی میں رہے اور ان کے حق میں فرمایا کرتے تھے کہ "جمال، میرا جمال ہے اور کبھی فرماتے کہ جمال! میں چاہتا ہوں کہ تمہارے سر کے گرد پھروں اور جس کسی کو حضرت خلافت دیتے خلافت نامہ ان کے پاس بھیجتے اگر وہ قبول کرتے تب خلافت درست ہوتی اور اگر وہ رد کر دیتے تو شیخ بھی رد کر دیتے اور فرماتے "جمال کے پارہ کئے ہوئے کو فرید نہیں سی سکتا[3]

مفتی غلام سرور لاہوری نے حضرت شیخ دہلوی کے الفاظ نقل کر دیئے ہیں۔ وہ تحریر کرتے ہیں

"شیخ فریدالدین را چنداں نظر توجہ و عنایت بجمال وے بود کہ تا دوازدہ[۱۲] سال

---

[1] شیخ عبدالحق: اخبار الاخیار۔ مطبع مجتبائی۔ دہلی ۱۳۳۲ھ۔ ص۔ ۶۸۔

[2] مرزا آفتاب بیگ معروف بہ محمد نواب مرزا بیگ دہلوی: تحفۃ الابرار۔ مطبوعہ مطبع رضوی دہلی ۱۳۲۳ھ۔ ص۔ ۴۴ تو

[3] سید لیین علی صاحب: ترجمہ اردو اخبار الاخیار۔ مطبوعہ مسلم پریس۔ دہلی ۱۳۲۸ھ فن۔

Marfat.com

بسبب محبت دے در ہانسی قیام فرمودو درحق دے ارشاد کردے کہ "شیخ جمال جمال ما است واکثر فرمودے کہ " جمال الدین می خواہم کہ گرد سر تو بگردم" وہر کرا کہ شیخ خلافت دادے بعد تحریر خلافت نامہ نزد دے فرستادے واگر دے قبول فرمودے خلافت دے درست بودے واگر جمال الدین رد کردے باز شیخ خلافت او را قبول نداشتے"۔ [1]

سیّد قربان علی بسمل نے بھی یہی عبارت نقل کر دی [2] اور دوسرے تذکروں میں بھی یہی عبارت ملتی ہے۔ بہر حال یہ حقیقت ہے کہ حضرت بابا صاحبؒ خلافت نامہ دینے کے بعد اپنے خلیفہ کو حضرت جمال الدین احمد کی خدمت میں بھیجا کرتے تھے اور خلیفہ کی خلافت کا تحقق، ان کی قبولیت یا عدم قبولیت پر ہوتا تھا۔ اس سلسلہ میں حضرت علی احمد صابر اور خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی کے معاملے میں جو واقعہ پیش آیا وہ بطور حجت و برہان پیش کیا جا سکتا ہے۔

مقام جمال :۔ محمد قاسم ہندوشاہ استرابادی المعروف بہ "فرشتہ" نے تذکرۃ الاتقیا کے حوالہ سے اس واقعہ کو یوں لکھا ہے

"سہ کس "نظام" نام در خدمت شیخ بودند یکے [1] شیخ نظام پسر شیخ دوم [2] شیخ نظام خواہر زادہ شیخ، سوئم [3] شیخ نظام الدین اولیاء۔ چوں پسر شیخ مقام ابدال داشت ازیں جہت سجادہ بہ او نداد وچوں ہمشیرہ شیخ بسیار سعی کرد کہ سجادہ نشینی بہ پسرم عنایت شود شیخ حرمت او نگاہ داشتہ مثال نوشت و بخواہر زادہ گفت کہ " بہ ہانسی پیش جمال الدین ہانسوی رفتہ صحیح کن" ومولانا جمال الدین ہانسویؒ آں مثال را صحیح نکرد۔ او برگشتہ شکایت نمود۔ بآخر شیخ باز حسب الالتماس خواہر مثالے دیگر نوشتہ فرستاد و دریں کرت مولانا جمال الدین ہانسوی

---

[1] مفتی غلام سرور لاہوری :۔ "خزینۃ الاصفیاء" ۔ مطبوعہ ہو پ پریس لاہور۔ ۱۲۰۳ھ

[2] سیّد قربان علی : "بہشت بہشت" معروف بہ سوانح عمری خواجگان چشت مطبوعہ رحمانی پریس ۔ دہلی۔ ۱۹۲۴ء)

Marfat.com

اعراض شدہ آں نوشتہ را پارہ کردہ گفت "پارہ کردہ جمال الدین ہانسوی را شیخ نمی تواند دوخت" وبعدازیں بمدتے شیخ مثال سجادہ نشینی ولایت دہلی بشیخ نظام الدین اولیاء دادہ پیش مولانا جمال الدین ہانسوی فرستاد و وے خوش وقت شدہ ایں بیت دراں مثال نوشت۔ بیت

ہزاراں درود و ہزاراں سپاس
کہ گوہر سپردہ بہ گوہر شناس

وکتبہ را صحیح نمودہ روانہ دہلی ساخت [۱]

مولانا حیدر علی سہسوانی نے بھی اس کا ذکر کیا ہے، لکھتے ہیں

..... اپنی ہمشیرہ کے بہت سے اصرار سے بھانجے کے نام سجادہ نشینی کا فرمان لکھ کر فرمایا کہ تم ہانسی جاکر مولانا جمیل الدین[۲] ہانسوی سے اس پر صحیح کروالو لیکن جب مولانا جمیل الدین نے اس پر صحیح نہ کی تو آپ نے اپنی ہمشیرہ کے دوبارہ اصرار سے ایک اور فرمان لکھ کر بھیجا۔ اس مرتبہ مولانا جمیل الدین ہانسوی نے اس فرمان کو پھاڑ ڈالا۔ اس وقت جناب شیخ نے فرمایا کہ مولانا جمیل الدین کے پھاڑے کو شیخ نہیں سی سکتا۔" اور اس سے کچھ عرصہ بعد جناب شیخ نے دہلی کی سجادہ نشینی کا فرمان شیخ نظام الدین اولیاء کو دے کر ہانسی بھیجا۔ مولانا جمیل الدین بہت خوش ہوئے اور یہ شعر اس فرمان پر لکھ دیا۔ شعر

ہزاراں درود و ہزاراں سپاس
کہ گوہر سپردہ بہ گوہر شناس

اور فرمان صحیح لکھ کر شیخ نظام الدین اولیاء کو روانہ دہلی کیا [۳]

---

[۱] محمد قاسم ہندو شاہ استرابادی المشہور بہ فرشتہ: تاریخ فرشتہ مطبوعہ مطبع معمورہ بمبئی ۱۲۴۷ھ / ۱۸۳۲ء جلد دوم مقالہ دوازدہم ص ۷۲۹-۷۳۰۔

[۲] آپ کا اسم گرامی جمال الدین احمد ہی تھا "جمیل الدین" یا تو کاتب کی غلطی ہے یا مصنف کی غلط فہمی۔

[۳] حیدر علی سہسوانی: تاریخ الاولیاء مطبوعہ مطبع مہر نیمروز۔ بجنور ۱۸۸۷ء ص ۴۶۔

Marfat.com

مولانا ولایت علی صاحب نے بھی "سعد الاخبار" میں یہی قصہ نقل کر دیا ہے[1]۔ البتہ مرزا آفتاب بیگ دہلوی نے کچھ اختلاف کے ساتھ اس واقعہ کو نقل کیا ہے، وہ لکھتے ہیں۔

"اور جس کسی کو خلافت نامہ دیتے تو ارشاد ہوتا کہ اوّل جمال الدین کو ملاحظہ کراؤ۔ چنانچہ حضرت علی احمد صابر قصبہ اجودھن سے قصبہ ہانسی میں چوڈول پر سوار ہو کر خانقاہ حضرت شیخ جمال الدین میں آئے۔ آپ نے دروازۂ خانقاہ تک استقبال کیا اور باعزاز واکرام مسند پر بٹھایا۔ بعد فراغت نماز مغرب حضرت علی احمد صابر نے مثال قطیب کو مہر کرنے کے لئے آپ کے روبرو پیش کیا۔ اتفاقاً چراغ گل ہو گیا۔ حضرت علی احمد صابر نے فی الحال اپنے دم کی پھونک سے چراغ روشن کر دیا۔ جب آپ نے یہ حال دیکھا مثال ان کے ہاتھ سے کر چاک کر ڈالی اور کہا "دہلی بیچاری تاب تمہارے دم آتشیں کی نہیں رکھتی"۔ اس حرکت سے حضرت علی احمد صابر نے غصہ میں آن کر فرمایا کہ "تم نے میری مثال کو پارہ پارہ کیا میں تمہارے سلسلے کو"۔ آپ نے فرمایا "اول سے یا آخر سے" حضرت علی احمد نے فرمایا کہ "اول سے"۔ پھر حضرت موصوف نے اجودھن میں واپس آن کر تمام سرگزشت عرض کی۔ حضرت گنج شکرؒ نے فرمایا

"پارہ کردہ جمال را فرید نتواں دوخت"[2]

حضرت جمال الدین، حضرت بابا صاحبؒ کے ان مقبول بارگاہِ خلفاء میں ہیں جن سے حضرت بابا صاحبؒ نے اپنی علالت کے دوران دعا کی درخواست کی تھی۔ چنانچہ مولانا جمالی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس واقعہ کو یوں بیان کیا ہے:۔

نقل است از حضرت سلطان الاولیاء والمشائخ نظام الملۃ والدین قدس سرہٗ درایّا

---

[1] ولایت علی: سعد الاخبار و تذکرۃ الابرار، مطبوعہ مطبع حسنی۔ آگرہ ۱۳۱۶ھ ص ۱۶۲-۱۶۳۔
[2] مرزا آفتاب بیگ معروف بہ محمد نواب مرزا بیگ دہلوی: تحفۃ الابرار۔ مطبوعہ مطبع دہلی ۱۳۲۲ھ ص ۴۴ ۔

Marfat.com

میکہ من بحضرتِ ایشاں در قصبۂ اجودھن بودم اندام مبارک ایشاں تکسّرے صدب واقع شدہ چناں چہ مراد مولانا جمال الدین ہانسوی را و مولانا بدرالدین اسحاق و درویشں علی بہاری را اشارت فرمودکہ" بروید برائے صحت من درفلاں گورستان مشغول باشید"[1] الخ

ذوق شاعری | حضرت جمال الدین احمد ہانسوی جہاں ایک بلند پایہ صوفی تھے وہاں وہ ایک بلند پایہ شاعر بھی تھے۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مخدوم علاءالدین صابر کی ولایت دہلی کی سند چاک چاک کرنے والا جمالِ شعر سے ناآشنا ہوگا، مگر نہیں، ایسا نہیں ہے، جلال کے ساتھ ساتھ جمال بھی پوری تابناکی کے ساتھ جلوہ گر ہے ؎

اسی نگاہ میں ہے قاہری و جباری   اسی نگاہ میں ہے دلبری و رعنائی

تذکروں میں آپ کے ذوق شاعری کا ذکر ملتا ہے۔ مثلاً شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں :-

"شیخ جمال الدین بعضے رسائل واشعار دارد کہ درمیانِ مردم یافتہ می شود ....."[2]

مولوی رحمان علی تحریر فرماتے ہیں :-

"صاحب ترجمہ رسائل واشعار دارد کہ درمیانِ مردم یافتہ می شوند"[3]

شیخ محمد اکرام لکھتے ہیں :-

"شیخ ہانسوی شاعر تھے اور ان کا ضخیم فارسی دیوان چھپ چکا ہے"[4]

قدیم تذکروں میں کہیں بھی حضرت جمال الدین ہانسوی کے دیوان فارسی کا ذکر نہیں ہے بلکہ بیشتر تذکروں نے تو آپ کی شاعری کے متعلق بھی خاموشی اختیار کی ہے اور کچھ میں ذکر ہے تو سرسری۔ مگر شیخ محمد اکرام نے صراحتاً لکھ دیا ہے ۔

---

[1] مولانا جمال دہلویؒ :- سیر العارفین۔ مطبوعہ مطبع رضوی۔ دہلی ۱۳۱۱ھ۔ ص ۴۸ - ۴۹ -

[2] عبدالحق محدث دہلویؒ : اخبار الاخیار فی اسرار الابرار۔ مطبوعہ مطبع مجتبائی۔ دہلی ۱۳۳۲ھ ص - ۶۸

[3] رحمان علی : تذکرہ علمائے ہند۔ مطبع منشی نول کشور۔ لکھنؤ ۱۳۳۲ھ/۱۹۱۴ء ص ۴۳ -

[4] شیخ محمد اکرام : آب کوثر۔ طابع فیروز سنز۔ ۱۹۵۲ء -

Marfat.com

احقر کے پاس حضرت شیخ جمال ہانسوی کے دو مطبوعہ دیوان ہیں ایک دیوانِ غزلیات اور دوسرا دیوان رباعیات و قطعات۔ دیوانِ غزلیات ۱۸۸۹ء / ۱۳۰۷ھ میں مطبع چشمۂ فیض دہلی میں پیرجی رفیع الدین صاحب بہادر تحصیل دار صوبہ دہلی کی فرمائش پر طبع ہوا اس کے آخر میں مولوی امو جان صاحب المتخلص بہ ولی نے دیوانِ مذکورہ کا قطعہ تاریخ طباعت لکھا ہے جس کے آخر کے دو شعر یہ ہیں :-

جی میں سوچا کہ کیا لکھوں تاریخ
کہ ہوئی غیب سے ندا فی الحال
فکر مت کر ولی یہ مصرعہ پڑھ
اللہ اللہ نظمِ قطبِ جمال

۶۶ + ۶۶ + ۹۹ + ۱۰۰۲ + ۷۴ = ۱۳۰۷ [۴۲]

[۴۲] جمال ہانسوی رح : دیوانِ غزلیات مطبوعہ مطبع چشمۂ فیض ۔ دہلی ۱۸۸۹ء ص ۲۱۶ ۔

Marfat.com

خلیفہ اعظم حضرت بابا فریدالدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ

حضرت خواجہ سلطان احمد عرف حضرت
مولانا محمد جمال الدین احمد ہانسوی رحمۃ اللہ علیہ

معہ اولاد

پتہ
پیرزادہ محمد حنیف جمالی ہانسوی وارڈ نمبر ۸ مکان نمبر ۱۱۲
سرکلر روڈ نزد مسجد میونسپل کمیٹی شجاع آباد
ضلع ملتان

۱۔ رفع توہم :۔

اسم مبارک حضرت قطب صاحب دراصل سلطان بود۔ ہرگاہ شیخ الشیوخ العالم بابا فرید الدین گنج شکر در ہانسی آمدند۔ بنجو آمان قطب صاحب کہ سلطان احمد بجمال الدین ملقب شدند۔

۲۔ تفصیل واجب الاظہار :۔

دیوان شیخ جمال محمد پنج پسر داشتہ۔ اول شیخ حسام الدین کہ بہ اولادِ او کہ عہدہ دیوانی تا ایں دم جاری است در ہانسی دوئم شیخ ابو الفتح کہ اولاد او کنجپورہ ضلع کرنال است۔ سوئم شیخ نعمت اللہ کہ اولاد ایشان در ہانسی و پیر جی رفیع الدین صاحب کہ در اولاد شیخ نعمت اللہ اند۔ چہارم شیخ یار محمد کہ اولاد ایشان در مورنڈ و ہانسی۔ پنجم شیخ مظفر کہ اولاد ایشان فتح پور جھنجنوں بود۔ دیوان شیخ قائم محمد دو پسر داشت۔ یکے شیخ جمال محمد کہ در بالا مذکور شد۔ دوئم شیخ ابو الحسن کہ اولاد ایشان قصبہ ڈھاٹرت تحصیل کیتھل ضلع کرنال بود۔ دیوان شیخ احمد والد دیوان شیخ نور محمد و ایشان والد دیوان شیخ قائم محمد مذکور دو پسر داشت۔ یکی دیوان شیخ نور محمد موصوف۔ دوئم شیخ اشرف کہ از اولاد ایشان پیرزادہ محمد حنیف و برادرش وغیرہ ہم در ہانسی و جمال پور اند۔ ایں شجرہ از کاوش پیرزادہ محمد ممتاز الاسلام کہ از اولاد امجاد حضرت شیخ سلطان احمد المعروف بشیخ الشیوخ الاسلام محمد جمال الدین احمد ہانسوی مرتب کردہ شد۔

انتباہ :۔ ایں شجرہ نسب حضرت قطب محمد جمال الدین احمد ہانسوی رحمۃ اللہ علیہ مع اولاد و احفاد او بہ تصیح خلاصہ خاندان نقاد و دودمان پیر جی رفیع الدین صاحب نبیرہ قطب صاحبؒ ممدوح بخط بر بخط احمد حسن چشتی تحریر گردیدہ مطبوع گردید۔ اللھما غفر لکاتبہ والمصحح و لحافہ کلھم اجمعین و نیز آنکہ از شجرہ مرتب کردہ پیر جی رفیع الدین صاحب نبیرہ قطبؒ صاحب ممدوح نقل کردہ پیرزادہ محمد حنیف نبیرۂ قطب صاحبؒ بہ زیور طبع و ہم آراستہ کرد۔

Marfat.com

حضرت نوح پیغمبر علی نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام آدم ثانی
سام
گیومرث
نوشیروان عادل ملتہی
سلطان شہنشاہِ ایران
ہرمز
کیکاؤس
ثابت
آں چراغ شریعت دملت آں شمع دین آں امام جہاں حضرت امام اعظم ابوحنیفہ نعمان کوفی رضی اللہ عنہ
خواجہ عبدالسلام عرف شیخ حماد امام زادہ
خواجہ سلطان عبدالصمد رضی اللہ عنہ
خواجہ سلطان عبدالرشید

خواجہ سلطان عبداللہ رضی اللہ عنہ
خواجہ سلطان ابوبکر رضی اللہ عنہ
خواجہ سلطان ابراہیم رضی اللہ عنہ
خواجہ شیخ مظفر رضی اللہ عنہ
خواجہ سلطان محمود رضی اللہ عنہ
خواجہ سلطان حمید الدین رحمۃ اللہ علیہ
حضرت خواجہ سلطان احمد المعروف قطب الاقطاب محمد جمال الدین احمد رحمۃ اللہ علیہ ہانسوی
حضرت قطب برہان الدین صوفی ہانسوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
حضرت قطب الدین منور رحمۃ اللہ علیہ ہانسوی
حضرت قطب نور الدین نورجہاں رحمۃ اللہ علیہ ہانسوی
حضرت دیوان برہان الدین ثانی رحمۃ اللہ علیہ ہانسوی

دیوان مولانا فرید الدین حضرت گنج علم رحمۃ اللہ علیہ ہانسوی
حضرت دیوان شیخ محمد امیر رحمۃ اللہ علیہ ہانسوی
حضرت دیوان فرید الدین ثانی رحمۃ اللہ علیہ گنج رواں ہانسوی
حضرت دیوان محمد لطف اللہ رحمۃ اللہ علیہ ہانسوی
دیوان شیخ احمد ہانسوی

دیوان نور محمد رحمۃ اللہ علیہ ہانسوی	شیخ اشرف ہانسوی

دیوان شیخ قائم محمد ہانسوی

دیوان شیخ جلال محمد ہانسوی	پیر ابوالحسن ڈہالٹرت

Marfat.com

دیوان شیخ جلال محمد ہانسوی کی اولاد عہدہ دیوانی و دیگر ہجرت ۱۹۴۷ء تک ہانسی میں رہی اور اب پاک پتن شریف و چک نمبر ۱۶/S.P. تحصیل پاک پتن میں آباد ہے۔

دیوان جلال محمد ہانسویؒ

- دیوان شیخ حسام الدین ہانسویؒ
  - دیوان اجمیری
    - دیوان بدرالدین
      - دیوان عبداللطیف
        - دیوان غلام امام الدین عرف پیر مانا
          - دیوان قلندر بخش
            - دیوان فضل عظیم
              - دختران گزشت
            - پیر عبدالرحمٰن
              - دیوان عبدالحکیم
              - پیر عبدالکریم لاولد
          - پیر احمد بخش لاولد
          - پیر فضل الرحمٰن لاولد
          - پیر حبیب الرحمٰن
            - پیر سیف الرحمٰن
              - صغراں بیگم بیوہ اش
          - پیر عبدالغفور
            - پیر محمد شفیع
              - پیر محمد امتیاز الاسلام
              - پیر محمد ممتاز الاسلام
      - پیر خیرالدین
- شیخ ابوالفتح
- شیخ نعمت اللہ
- شیخ یار محمد
- شیخ منظو

پیر خیر الدین

پیر قطب الدین

- پیر ضیاء الدین
  - پیر ظہور الدین
    - پیر محمد حسن عرف مدد شاہ
      - ملکہ بیگم بیوہ اش
  - پیر نظیر الدین
    - پیر رحیم الدین لاولد
- پیر سراج الدین
  - پیر شہاب الدین
    - پیر حمید الدین لاولد
    - پیر اسرار الحق لاولد
- پیر امام الدین
  - پیر امیر الدین
    - پیر عبدالکریم
      - پیر قمر الاسلام لاولد
      - پیر فیاض الاسلام
        - شمع اختر دختر ش
    - پیر عبدالعزیز عرف منصب
      - پیر عبدالغنی لاولد
      - پیر عظیم الدین لاولد
- پیر نصیر الدین
  - پیر ظفر الدین لاولد

شیخ ابوالفتح بن دیوان جلال محمد ہانسوی کی اولاد تا دم ہجرت ۱۹۴۷ء تک موضع کنجپورہ ضلع کرنال میں رہے اور اب سرگودھا میں آباد ہیں

- دیوان شیخ جلال محمد ہانسوی
  - شیخ ابوالفتح
    - شیخ فضل اللہ
      - شیخ فخر اللہ
        - حافظ قادر بخش
          - حافظ الٰہی بخش (لاولد)
          - حافظ محمد بخش
            - غلطت اللہ
            - احمد سعید
            - حافظ محمد بہرام
            - حافظ رحمت اللہ (لاولد)
          - حافظ محمد علی
            - رحیم علی (لاولد)
            - حافظ نثار علی
              - قاری محمد علی
                - اکرام اللہ
                  - محمد سعد اللہ
                  - محمد سعید
                    - محمد حسین
                  - مسعود احمد
              - شیخ نظر محمد (لاولد)
          - حافظ بشارت علی
            - حافظ حبیب الرحمٰن (لاولد)
            - بہادر علی (لاولد)
          - حافظ حبیب اللہ (لاولد)

Marfat.com

شیخ نعمت اللہ دیوان شیخ جلال محمد کی اولاد تا دم ہجرت ۱۹۴۷ء تک ہانسی میں رہی، اور اب ملتان شہر میں آباد ہیں۔

Marfat.com

شیخ یار محمد بن شیخ جلال محمد کی اولاد تادم ہجرت ۱۹۴۷ء تک مورنڈہ روپڑ تحصیل روپڑ ضلع انبالہ اور ہانسی میں رہے۔ اور اب چک ۲۲/۲-R تحصیل اوکاڑہ، اوکاڑہ شہر میں آباد ہے

لال محمد
قلندر بخش
نیاز احمد
فتح محمد
احمد بخش
اسعد اللہ
محمد بخش
فضل کریم
لاولد
غلام چشتی
غلام قادر
لاولد
محمد اسماعیل
عبدالکریم
عبداللہ عرف
ولایتی دختر اش
عبدالرحمٰن
محمد اسحاق
عبدالرحیم
عبدالرزاق
اقبال حسین
انور حسین
منور حسین
جاوید اقبال
شاہد اقبال
زاہد اقبال
محمد الیاس
محمد ادریس
محمد اسلم
طارق محمود
ریاض احمد
اختر حسین

Marfat.com

نیاز احمد
اسعد اللہ
محمد حسین
امیر الدین
کریم بخش
دیدار بخش
کرم بخش
لاولد
فدا حسین
نبی بخش
عطا محمد
قمر الدین
عبد الکریم
برکت اللہ
جعفر حسین
ظہیر الدین
بشیر الدین
لاولد
ملکہ بیگم
دختر اش
حاتم حسین
مجرد رفت
بلقیس بیگم
دختر اش
سخی اللہ
عظیم اللہ
رحیم اللہ
لاولد
شمشاد بیگم
دختر اش
ارشاد بیگم
دختر اش
سلیم اللہ
محمد حسین
لاولد
سعد الدین
نصیر الدین
مسماۃ عزیزہ بیوہ اش
حفیظ اللہ
لاولد
صالح محمد
محمد اشفاق
محمد اکرام
محمد نذیر
منظور احمد
محمد اکرم
منیر حسین
بشیر حسین
مشتاق احمد

Marfat.com

شیخ منظفر بن شیخ جلال محمد ہانسوی کی اولاد تادم ہجرت ۱۹۴۷ء تک فتح پور و جھنجھنوں ریاست جے پور میں رہی اور حیدر آباد سندھ میں آباد ہیں۔

Marfat.com

پیر ابوالحسن کی اولاد قصبہ ڈھاٹرت تحصیل کیتھل ضلع کرنال میں تادم ہجرت ۱۹۴۷ء تک آباد رہے اور اب شہر حیدر آباد سندھ، بوریوالہ اور شیخوپورہ میں آباد ہے

- دیوان شیخ قائم محمد ہانسوی
  - پیر ابوالحسن ڈھاٹرت
    - پیر عباد اللہ
      - پیر الٰہی بخش
        - مولوی محمد علی
          - پیر امام محمد
            - پیر محمد اکبر لاولد
            - پیر عبدالصمد
              - پیر نثار احمد
                - پیر نیاز احمد عرف بندو
                - پیر نذیر احمد عرف چھیمی
            - پیر آفتاب عالم
            - پیر محمد مستقیم
              - پیر محمد سلیم
              - پیر محمد نسیم
                - پیر محمد منقیم
                  - پیرزادہ فخر الدین
                - پیر محمد اسلام عرف پیر بلی
                  - پیرزادہ انوار الاسلام
          - پیر غلام غوث
            - پیر محمد ظہور الدین
              - پیر محمد شفیع
                - پیر عبداللطیف
                  - پیرزادہ عبدالعزیز
                - پیر محمد صدیق مجرد رنت
            - پیر محمد امیر الدین لاولد

نثار احمد

- نیاز احمد
  - شبیر احمد
    - شکیل احمد
    - عقیل احمد
    - کفیل احمد
  - انیس احمد
    - محمد آصف
    - محمد زاہد
- نذیر احمد
  - شمشاد احمد
  - وکیل احمد
  - امیر احمد
  - منیر احمد

Marfat.com

شیخ اشرف کی اولاد تادم ہجرت ۱۹۴۷ء تک ہانسی ضلع حصار میں رہی اور شجاع آباد شہر ضلع ملتان۔ اوکاڑہ شہر ضلع ساہیوال اور لاہور ماڈل ٹاؤن میں آباد ہے۔

دیوان شیخ احمد ہانسوی
- شیخ اشرف ہانسوی
  - پیر ولی اللہ ہانسوی
    - پیر قطب عالم
      - پیر امام بخش عرف دیوان امن
        - پیر غلام غوث
          - پیر فضل علی
            - پیر محمد حسن علی
              - پیرزادہ اشفاق حسین
              - پیرزادہ اقبال حسین۔ مجرد رفت
          - پیر مظہر علی لاولد
  - پیر احمد اللہ ہانسوی
    - پیر جمال بخش
      - پیر نظام بخش
        - پیر غلام علی عرف گامی شاہ
          - پیر فضل کریم
            - پیر ظہیر الدین عرف بڑا بندو
              - پیرزادہ محمد حنیف
              - پیرزادہ محمد ارشاد
            - پیر ضمیر الدین
              - پیرزادہ احسان الدین مجرد رفت
          - پیر محمد عظیم
            - پیر اکرام الدین عرف چھوٹا بندو لاولد
        - پیر نبی بخش لاولد
      - پیر احمد بخش
        - پیر حسین بخش دختر مجیدہ بیگم گزاشت
          - پیر قلندر بخش
            - پیر محمود علی بندی
              - پیر عبد السلام
              - پیر عبد الشکور السلام بار ایٹ لا
            - پیر علاؤ الدین عرف اللہ دیا لاولد
          - پیر عبد الصمد
            - پیر عبد المجید لاولد
            - پیر عبد الوحید لاولد
            - پیر اللہ بندہ لاولد
      - پیر علیم بخش
        - پیر محمد بخش
        - پیر وڈا بخش عرف دارا

Marfat.com

پیرزادہ اشفاق حسین
پیرزادہ محمد حنیف
پیرزادہ محمد ارشاد
پیر عبد السلام
مسٹر جسٹس
پیر عبد الشکور السلام
بار ایٹ لاء
پیرزادہ محمد اشتیاق حسین
محمد اعجاز حسین عرف شیر شاہ
محمد ابرار حسین
عبد الرشید عرف غلام فرید
پیرزادہ محمد سعید
پیرزادہ محمد نسیم
پیرزادہ محمد نعیم
پیرزادہ نجم السلام
پیرزادہ انجم السلام
پیرزادہ مصباح السلام
پیرزادہ ضیاء السلام
پیرزادہ تنویر السلام
پیرزادہ عادل السلام
پیرزادہ منور السلام

Marfat.com

وما توفیقی الا باللہ

الحمد للہ کہ درین جز و زمان میمنت فرجام ملفوظات نادرہ مسمیٰ بہ

ملہمات من

تصنیف حضرت قدوۃ السالکین قطب جمال الدین احمد ہانسوی

ناشر

پیرزادہ عبد الشکور السلام

ایل ایل - ایم (لندن) ایل ایل - ایم (بیل) بیرسٹر ایٹ لاء

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع میکنم بنام خدا کہ او بسیار مہربان و بخشندہ است

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام خدا کے کہ وہ بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

الحمد للہ رب العلمین ۰ والعاقبۃ

حمد و سپاس مر خدائے راکہ پروردگار عالمیان است و نیکی آخرت

سب تعریفیں اللہ کو ثابت ہیں جو پروردگار دو جہان کا ہے اور حسن آخرت

للمتقین ۰ والصلوۃ والسلام علی رسولہ

مر پرہیزگاران راست و رحمت حق تعالیٰ و سلامتی او بر فرستادہ او

متقیوں کے لئے ہے اور درود اور سلام نازل ہوجیو

محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین ۰ اما بعد

کہ نامش محمد است و بر آل او و یاران او ہمہ امابعد پس

اسکے رسول مقبول پر کہ نام پاک جسکا محمد ہے اور انکی آل اور اصحاب کل پر بعد اسکے

فہذہ الرسالۃ المتبرکۃ من ملہمات

ایں رسالہ البیت متبرکہ از ملہمات

واضح ہو کہ اس رسالہ متبرکہ میں ملہمات

Marfat.com

مَوْلَانَا الشَّیْخُ الْاَجَلِّ الْاِمَامِ الْعَارِف

صاحب ما بزرگ عمدہ تر پیشوائے شناسائے

حضرت شیخ کامل اور عارف واصل امام العارفین

بِاللّٰہِ جَمَالُ الدِّیْنِ الْہَانْسَوِیْ رَحْمَۃُ

خداوند نام مبارکش جمال الدین احمد ہانسوی رحمۃ

شیخ جمال الدین احمد ہانسوی رحمۃ

اللّٰہِ عَلَیْہِ قَالَ التَّوْبَۃُ مَاحِی الْحَوْبَۃِ وَلَہٗ

خدائیتعالیٰ بروے - کہ گفت او توبہ کردن از نواہی محو کنندۂ گناہ است

اللہ علیہ کے مندرج ہیں کہا شیخ صاحب نے کہ توبہ مٹانے والی گناہوں کی ہے

یَا اَحْمَدُ فِیْکَ خَصَائِلُ حَمِیْدَۃٌ وَّخَصَائِلُ ذَمِیْمَۃٌ

اے احمد در تو خصلت ہائے نیک وخصلت ہائے

اور نیز اے احمد تجھ میں خصائل حمیدہ بھی ہیں اور خصائل

فَاحْفَظِ الْحَمِیْدَۃَ بِالطَّاعَاتِ وَالْعِبَادَاتِ

بد ہستند نگہدار خصلت ہائے نیک را بطاعت ہا و بندگی ہا

ذمیمہ بھی پس خصائل حمیدہ کو طاعات اور عبادات سے

وَامْحُ الذَّمِیْمَۃَ بِالرِّیَاضَاتِ وَالْمُجَاھَدَاتِ

محو کن بد ہیا را بہ محنتہا وکوششہا

محفوظ رکھ اور خصائل ذمیمہ کو ریاضات اور مجاہدات سے

وَلَهٗ يَا اَحْمَدُ الصَّلٰوةُ مَجْمَعُ الطَّاعَاتِ

اے احمد نماز مفروضہ جائے جمع شدن طاعت ہاست

اور الہام ہوا کہ اے احمد نماز مجمع طاعات

وَمَخْزَنُ الْعِبَادَاتِ وَلَهٗ يَا اَحْمَدُ الصَّلٰوةُ

و خزانہ عبادت ہاست اے احمد نماز

اور مخزن عبادات ہے اور الہام ہوا کہ اے احمد

كَالْجَسَدِ وَالْحُضُوْرُ كَالرُّوْحِ وَكُلُّ صَلٰوةٍ

ہم چوں تن است وحضوری نماز ہم چوں جان است و ہمہ نماز

نماز مثل جسم کے ہے اور حضوری مثل روح کے اور جس نماز میں حضوری

لَيْسَ فِيْهَا الْحُضُوْرُ كَجَسَدٍ لَيْسَ فِيْهَا الرُّوْحُ

کہ نیست درو حضور مانند جسد است کہ نیست درو جان

نہیں وہ مثل اوس جسم کے ہے جس میں روح نہیں

وَلَهٗ يَا اَحْمَدُ الصَّلٰوةُ اَفْضَلُ الْعِبَادَاتِ

اے احمد نماز بہترین عبادت ہاست

اور الہام ہوا کہ اے احمد نماز سب عبادتوں سے افضل ہے

وَمِفْتَاحُ السَّعَادَاتِ فَلَمْ يُقِمْهَا اِلَّا مُؤْمِنٌ

و کلید سعادت ہاست پس برپا نمیدارد او را مگر مؤمن

اور ہر سعادت کی کنجی ہے پس ادا نہیں کرتا اسکو مگر مؤمن

قَوِیٌّ وَمُسْلِمٌ تَقِیٌّ وَلَهٗ یَا اَحْمَدُ اَقْوَی الْکَرَامَاتِ

که اعتقاد قوی دارد و مسلمانی پرہیزگار است اے احمد بسیار قوی کرامات

قوی اور مسلم تقی اور الہام ہوا اے احمد بڑھکر کرامت

اَنْ یُّوَفِّقَ الْعَبْدُ لِاَدَاءِ الصَّلٰوۃِ وَلَهٗ یَا اَحْمَدُ

آنست که توفیق یافته باشد بنده برائے ادا کردن نماز اے احمد

یہ ہے کہ بندہ کو ادائے نماز کی توفیق دیجاوے اور الہام ہوا اے احمد

اَحْضِرْ قَلْبَکَ فِی الصَّلٰوۃِ حَتّٰی تَجِدَ

حاضر ار دل خود را در نماز تا بیابے

نماز میں دل کو حاضر رکہہ تاکہ تجھے

لَذَّۃَ الْمُنَاجَاتِ وَلَهٗ یَا اَحْمَدُ الْحُضُوْرُ

تو لذت عاجزی بخدا اے احمد حضور

لذت مناجات کی حاصل ہو الہام ہوا اے احمد

فِی الصَّلٰوۃِ نُوْرٌ لِاَنَّ الصَّلٰوۃَ عَیْنٌ وَنُوْرُھَا

در نماز نور ست چراکه نماز چشم است و نور او

نماز میں حضوری ہونا نور ہے کیونکہ نماز آنکھ ہے اور اسکا نور

حُضُوْرٌ وَلَهٗ یَا اَحْمَدُ الصَّلٰوۃُ مَعَ الْحُضُوْرِ

حضور ست اے احمد نماز گزاردن با حضور

حضور ہے اور الہام ہوا اے احمد نماز حضوری کے ساتھ

Marfat.com

كَمُوسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي الطُّوْرِ وَلَهٗ يَا أَحْمَدُ

ہمچو موسیٰ است بر وے سلام خدا در کوہ طور اے احمد

جیسے موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر اور الہام ہوا کہ اے احمد

اَلصَّلٰوةُ بِلَا حُضُوْرٍ وَذِهْنٍ كَالطَّعَامِ بِغَيْرِ

نماز بغیر حضور و ذہن مانند طعام ست کہ بے نمک

نماز بغیر حضور کے مثل اس طعام کے ہے جس میں نمک

مِلْحٍ وَدُهْنٍ وَلَهٗ يَا أَحْمَدُ كُلُّ صَلٰوةٍ لَيْسَ

و بے روغن باشد اے احمد ہر نماز یکہ نیست

اور روغن نہو اور الہام ہوا کہ اے احمد جس نماز میں حضور نہیں

فِيْهَا الْحُضُوْرُ كَالْقَمَرِ الْمَخْسُوْفِ ذَهَبَ

دراو حضور مانند ماہیست مخسوف یعنے گرفتہ باشد ۱۲ کہ بر و د

وہ مثل اس چاند کے ہے کہ جس میں نور نہیں

عَنْهُ النُّوْرُ وَلَهٗ يَا أَحْمَدُ حُضُوْرُ الْقَلْبِ فِي

ازو نور اے احمد حضور دل در

اور الہام ہوا کہ اے احمد حضور دل

اَلصَّلٰوةِ نُوْرٌ كَالْاٰيٰتِ وَلَهٗ يَا أَحْمَدُ إِذَا أَحَبَّ

نماز نور است ہم چون نشانیہا اے احمد وقتیکہ دوست مے دارد

نماز میں نور ہے مثل آیات قرآنی کے اور الہام ہوا کہ اے احمد جب دوست رکھتا ہے

Marfat.com

اللهُ عَبْدًا وَفَّقَهُ لِلطَّاعَةِ وَاِذَا اَبْغَضَہٗ

اللہ تعالیٰ بندہ را توفیق مے بخشد مر او را بعبادت وقتیکہ غضب کند

اللہ تعالیٰ کسی بندہ کو تو توفیق دیتا ہے اوسکو عبادت کی اور جب غضب کرتا ہے

اللهُ وَدَعَهُ فِي الْمَعْصِيَةِ وَلَهٗ يَا اَحْمَدُ

باو اللہ تعالیٰ مے اندازد اورا در معصیت اے احمد

اللہ کسی بندہ پر تو چھوڑتا ہے اوسکو گناہ اور معصیت پر اور الہام ہوا کہ اے احمد

اَلذِّكْرُ حَلَاوَةُ اللِّسَانِ وَرَاحَةُ الْجِنَانِ

ذکر اللہ تعالےٰ شیرینی زبانست و آرام دلست

ذکر اللہ تعالےٰ حلاوت زبان ہے اور راحت دل وجان ہے

وَلَهٗ يَا اَحْمَدُ الذِّكْرُ مُجْبِرُ الْفُؤَادِ وَمُثْبِتُ الْوِدَادِ

اے احمد ذکر مجبر دلہاست وثابت کنندہ دوستی است

اور الہام ہوا اے احمد ذکر بھتی دلوں کی ہے اور ثابت کرنیوالا دوستی کا ہے

